معاف کرنے والا ۔

justifyingly, adv.
صحیح یا بجا ثابت کرتے ہوئے ۔

jut, v.i.
ابھرنا ؛ نکلنا ؛ باہر کو جھکنا ؛ باہر نکل آنا ؛ آگے کو نکلنا یا بڑھنا ۔ (اسم) آگے کو نکلا ہُوا ؛ نوک ؛ نکلا ہوا حِصّہ ، برز ؛ راس ؛ بروز ؛ چھجّا ؛ اُبھار ؛ برآمدہ ۔

jute, n.
سن ؛ پٹ سن ؛ جُوٹ ؛ جس کے ریشوں سے سُتلی موٹا کپڑا اور بوریاں وغیرہ تیّار ہوتی ہیں ، یہ بنگال اور شرق الہند کی دیسی پیداوار ہے ۔

Jute, n.
ڈنہارک کے قبیلے ، جُٹ لینڈ کا قدیم باشندہ ، جو پانچویں اور چھٹی صدی میں برطانیہ پر حملہ کرکے وہیں آباد ہو گیا تھا ۔

Jutish, a.
جُٹ قبیلے سے متعلّق ۔

juvenescent, a.
عُنفوان شباب میں قدم رکھنے والا ؛ حالت بلوغ میں ۔

juvenescence, n.
عنفوان شباب ؛ طفلی سے نوجوانی میں قدم رکھنے کی حالت ۔

juvenile, a.
نوعمر ؛ نوخیز ؛ کمسِن ؛ نوعمری کا ؛ نوجوانوں کا سا ؛ طِفلانہ ؛ طفُولی ؛ طفلی ؛ جوانی کا ؛ شباب کا ؛ نوجوان ؛ ناتجربہ کار ؛ لڑکپن کا ؛ بالک ۔ (اسم) نوعمر آدمی یا لڑکا ؛ بچوں کی کتاب ؛ دو سال کا دوڑ والا گھوڑا ۔ (تھیٹر) وہ آدمی جو نوجوان شخص کا کردار ادا کرتا ہے ۔

juvenilism, n.
نوجوانی ؛ نوعمری ؛ طفلانہ پن ۔

juvenile court, n.
عدالت طفلاں ؛ عدالت بچّگان ؛ عدالت اطفال ؛ عدالت برائے نابالغاں ؛ ایسی عدالت جس کے دائرۂ اختیار میں اٹھارہ سال سے کم عمر کے ایسے بچّوں کے مُقدّمے ہوتے ہیں جو والدین کی لاپروائی ور غفلت کی وجہ سے بُری عادتوں میں مُلوّث ہو جاتے ہیں ۔

juvenile delinquency, n.
طِفلانہ تقصیر ؛ طفلانہ گناہ ؛ طفلانہ خطا ؛ طِفلانہ جُرم ؛ بچّوں کا جرم جس کی سماعت عدالت اطفال میں ہوتی ہے ۔

juvenile delinquent, n.
طفل خطا کار ؛ قصور وار طِفل ۔

juvenile officer, n.
طفلانِ خطا کار کا نگہبان ؛ وہ پولیس افسر جو بگڑے ہوئے بچّوں کے مُقدّمات کی تفتیش ، ان کی پیروی اور استغاثہ دائر کرتا ہے ۔

juvenilia, n.
دور طفلی میں پیش کیے ہوئے فن پارے یعنی تحریریں وغیرہ ؛ ایسے فن پارے جو نوعمروں کے لیے تخلیق کیے گئے ہوں ؛ آثار شباب ؛ بچّوں کا ادب ؛ بچوں کے فن پارے ۔

juvenility, n.
نوجوانی ؛ شباب ؛ طِفلی ؛ طفُولی ؛ طِفلانہ رویہ ؛ بچپنا ؛ بچپن ؛ جوانی ؛ نوعُمری ؛ بالا پن ؛ البیلا پن ؛ الھڑ پن ؛ بے احتیاطی ۔

juxtapose, v.t.
ملا کر رکھنا ؛ برابر برابر رکھنا ؛ پہلو بہ پہلو رکھنا (تقابلی مطالعہ کے لیے) ؛ ساتھ ساتھ رکھنا ؛ برابر رکھ دینا ؛ آمنے سامنے رکھ دینا ؛ محاذی یا متوازی کرنا ۔

juxtaposition, n.
پہلو بہ پہلو رکھے جانے کا عمل ؛ قُربت ؛ نزدیکی ؛ پیوستگی ؛ دوش بدوش ۔

juxtapositional, a
پہلو بہ پہلو رکھے جانے سے متعلّق ؛ پیوستگی سے متعلّق ؛ قریبی ؛ متقابل ؛ آمنے سامنے ۔

K

K, k, n.
انگریزی حروف تہجی کا گیارھواں حرف اور آٹھواں حرفِ صحیح ؛ اس حرف کی ادائیگی کے وقت مُنھ سے نکلنے والی آواز ؛ اس حرف سے بننے والی یا اس کی شکل کی کوئی چیز ؛ اس حرف کی نقل گیری کے لیے طابع کا ترسیمی آلہ ۔

k,
(کھیل) بادشاہ ۔ (کمپیوٹر) ۱۰۰۰ کے لیے علامت ؛ (طبیعیات) کیلون پیمانۂ تپش ۔ (کیمیا) پوٹاشیم کی علامت ۔

k, k.
علامت برائے قیراط ، کلوگرام ، نائٹ ، سردار ، نواب ۔ (برق) گُنجایش ؛ ظرف گنجایش ؛ استعداد ۔ (ریاضی) ایک مستقل یا مُقررّہ مقدار ؛ مستقل مقدار ۔

Kaaba, n.
کعبہ ؛ بیتُ اللہ ؛ بیت الحرام ؛ خانہ کعبہ ؛ کعبۃُ اللہ ؛ بیت العتیق ؛ خانۂ خُدا ؛ خُدا کا گھر ؛ مکعب شکل کی ایک چھوٹی عمارت جو مکّہ مکرّمہ کی مسجدحرام میں واقع ہے ، مسلمان کعبہ کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرتے ہیں اور حج کے دوران اس کا طواف کرتے ہیں ؛ مکعب ؛ چہار گوشہ ؛ مربع ؛ چوکھونٹا ؛ چوکور ۔

kabala, kabbala, n.
دیکھیے : cabala ۔

kabob, kebab, kebob, n.
[اردو] کباب ؛ گوشت کے مکعب ٹکڑے یا بوٹیاں جن پر عموماً مصالحہ لگا ہوتا ہے اور جن کو سبزیوں ، مثلاً کُھمبیوں ، ٹماٹروں اور پیاز کے ساتھ پکایا یا سیخ میں پرو کر سینکا جاتا ہے ۔

kabuki, n.
کبوکی ؛ جاپان کا ایک مقبول ڈراما جس میں ناچ گانا عمدہ اور ماہرانہ انداز میں پیش کیا جاتا ہے ۔

kaddish, n.
قدیش ؛ کادیش ؛ یہودیوں کی ایک مذہبی رسم جو ان کے کنیسہ میں روزانہ دُعا/مُناجات کی صورت میں ادا کی جاتی ہے ؛ (خصوصاً) وہ ماتمی دُعا جو مرنے والے کے لیے اس کے سوگوار پڑھتے ہیں ؛ یہودیوں کی دُعائے مغفرت ۔

kaffee klatsch, coffee klatch, n.
محفل کافی نوشی ؛ کافی نوش محفل ؛ کافی پینے اور گپ شپ کے لیے منعقدہ غیر رسمی یا بے تکلُف محفل ۔

kafir, kaffir, n.
کافر ؛ ایک قسم کا غلہ سرغو جو خُشک علاقوں میں اُگایا جاتا ہے ، جس کے ڈنٹھل مضبوط اور پتّے دار ہوتے ہیں اور اس کو چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ چینا ۔ (بڑے K سے) جنوبی افریقہ کے بنتو قبیلے کا فرد ۔

kainite, n.
کائنائٹ ؛ ایک معدن جو تر میگنیشیم سلفیٹ اور پوٹاشیم کلورائڈ پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ پوٹاشیم اور میگنیشیم کے ماخذ اور کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ کچدھات میگنیشیم ۔

Kaiser, n.
قیصر ؛ بادشاہ ۔ (بڑے K سے) عیسوی سلطنتِ رُوما کے بادشاہوں کا خطاب ۔

۱۸۰۴ تا ۱۹۱۸ء آسٹرین تاجداروں کا خطاب؛ ۱۸۷۱ تا ۱۹۱۸ء جرمن حکمرانوں کا خطاب؛ بادشاہ ؛ سُلطان ؛ ملک ؛ شہنشاہ ۔

kaiserdom, n. قیصریت ؛ قیصر کی طرح کی مُطلقُ العنان حُکمرانی ؛ بادشاہی ؛ شہنشاہی ؛ بادشاہت ؛ سلطانی ؛ حکمرانی ؛ ملوکیت ؛ فرمانروائی ۔

kaiserism, n. دیکھیے : kaiserdom ۔

kaka, n. کاکا ؛ نیوزی لینڈ کے نیسٹر (Nestor) جنس کے طوطوں کی ایک قسم جن کی رنگت زیادہ تر زیتونی بُھوری ہوتی ہے؛ نیوزی لینڈ کا طوطا ۔

kakapo, n. کاکاپو ؛ شب طوطا؛ نیوزی لینڈ کا ایک بڑا شب خیز طوطا (Strigops habroptilus) ، جس کا رنگ خاکستری مائل سبز ،پر بڑے لیکن پرواز کی صلاحیت سے محروم ہوتے ہیں ۔

kale,kail, n. بند گوبھی ؛ کرم کلا کی ایک قسم براسیکا اولیریسیا (Brissica oleracea) جس کے پتّوں میں سلوٹیں پڑی ہوتی ہیں؛ کلم پیچ۔(اسکاٹش) ہر قسم کی گوبھی ۔ (عوامی) روپیہ پیسہ ، دولت ۔

kaleidoscope, n. سیربین؛ عکس بین ؛ اَشکال بین ؛ عکس نُما ؛ متغیّر منظر ؛ ایک آلہ جو آئینے کے اِنعکاس سے مختلف قسم کے خوبصورت رنگ اور متناسب اشکال دکھاتا ہے ، اپنی سادہ ترین صُورت میں یہ آلہ ایک نلکی پر مشتمل ہوتا ہے جس کی دو انعکاسی سطحیں زاویہ بناتی ہوئی آپس میں ملتی ہیں اور اندر رنگین شیشے کے ٹُکڑے پڑے ہوتے ہیں ؛ رنگا رنگ، متغیّر یا بدلتا ہوا یا پُرپیچ نمونہ یا متغیر منظر (جیسے The kaleidoscope of the election years:) ۔

kaleidoscopic, kaleidoscopical, a. سیربین سے متعلّق ؛ متغیرانہ؛ رنگا رنگ ؛ عکس بین کے رنگ اور شکلوں کے مشابہ ؛ متواتر متغیر ہونے والا ۔

kaleidoscopically, adv. سیربین کے انداز میں ؛ رنگا رنگی سے ؛ عکس بینی انداز سے؛ عکس بینی طور پر ۔

kalends, n. دیکھیے : Calends ۔

kaleyard school, kailyard school, n. کیل یارڈ مکتب فکر ؛ اواخر انیسویں صدی کے ادیبوں کا ایک مکتب فکر یا دبستان جس میں جے ۔ ایم بیری (J.M.Barrie) اور آئن میکلیرن (Ian Maclaren) شامل تھے جنھوں نے اسکاٹ لینڈ کی عام زندگی کو جذباتی انداز میں موضوع بنایا اور اپنی تحریروں میں مقامی بولی کو بکثرت استعمال کیا ؛ دبستانِ کیل یارڈ ۔

kalmia, mountain laurel, n. (نباتیات) کالمیا ؛ غارِ کوہی ؛ شمالی امریکا کی ایک سدا بہار جھاڑی جو اسی نام کی جنس اور خلنج خاندان سے تعلق رکھتی ہے ، اس میں ارغوانی ، سُرخ اور سُفید پُھول چھتری کی طرح کے گُچھوں کی صُورت میں لگتے ہیں ۔

kalsomine, n. کلسومینا ؛ سفیدی ۔ دیکھیے : Calcimine ۔

kamala, n. کمیلہ ؛ سُفُوف کی صورت میں مادّہ جو مشرقی ہندوستان کے ایک درخت سے حاصل کیا جاتا ہے اور کِرم کُشی یا رنگ سازی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

kame, n. کیم ۔(اسکاٹش) بالوں کی کنگھی / کنگھا ۔ (ارضیات) ٹُوٹی پُھوٹی چیزوں یا سنگریزوں کا انبار ؛ پشتۂ کوہ ، خصوصاً برف کی چادر ہٹنے سے جو (پشتۂ کوہ) باقی رہ جائے ؛ انبار سنگریزاں ۔

kamik, n. (کینیڈا) کامک ؛ سیل کی کھال کا بنا ہوا گُھٹنے تک لمبا بُوٹ ، جو زیادہ تر مشرقی قُطبی خطّوں میں پہنا جاتا ہے ۔

kamikaze, n. کامی کازی ؛ جنگ عظیم دُوم کا جاپانی پائلٹ ، جس نے ایک مُہلک پرواز کے دوران بارود سے بھرے ہوئے ہوائی جہاز کو دشمن کے ایک بحری جہاز یا کسی اور ہدف پر گرا دیا تھا ؛ ہوائی جہاز جو اس قسم کے مشن کے لیے استعمال ہو ۔

kampong, n. کامپانگ ؛ ملائی زُبان بولنے والے ممالک میں ایک گاؤں یا رہایشی مکانات کا مجموعہ ۔

kangaroo, n. کنگرو ؛ آسٹریلیا کے کیسہ دار جانوروں (marsupials) کی ایک خاص قسم ، کودنے کے لیے اس کی پچھلی ٹانگیں لمبی اور مضبوط ہوتی ہیں ، اگلی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور ایک لمبی موٹی دُم ہوتی ہے ۔

kangaroo court, n. نقلی عدالت ، جو خلافِ ضابطہ اور سرکاری اختیار کے بغیر ہوتی ہے ، جہاں قانُون کی دانستہ غلط تعبیر کی جاتی ہے یا قانون کو سِرے سے نظرانداز کر دیا جاتا ہے ؛ نقلی عدالت جس میں قانونی کارروائی کی مضحکہ خیز نقّالی کی جاتی ہے ۔

kantian, a. کانٹی ؛ جرمن فلسفی ایمانوئل کانٹ یا اس کے افکار سے مُتعلّق ؛ کانٹ کا ۔ (اسم) کانٹ کی پیروی کرنے والا ؛ کانٹ کا پیروکار یا متبع ۔

kantianism, n. کانٹی ازم؛ کانٹ کا فلسفہ؛ کانٹ کی پیروی ؛ کانٹیت ۔

kaolin, kaoline, n. [ایک چینی پہاڑی کے نام پر] کاؤلین ؛ ایک معدنی چکنی مٹّی جو آگ میں تپانے کے باوجود سفید رہتی ہے اور اعلیٰ قسم کے چینی کے برتن ، کاغذ ، کپڑا ، کھڑکیوں کے شیڈ ، رنگ اور صابن بنانے کے کام آتی ہے؛ چینی مٹّی ؛ گِل چینی ۔

kaolinite, n. کاؤلینائٹ ؛ کاؤلینٹ ؛ ایک معدن جو کاؤلین کا اہم جزو ہے ؛ چینی مٹّی ؛ گِل چینی ؛ کیولین ۔

kapellmeister, n. کاپل مائسٹر ؛ آرکسٹرا یا گانے والوں کی جماعت کا ہدایت کار ۔

kapok, Java cotton, n. جاوا کپاس ؛ ریشمی ریشہ جو ایک ریشمی روئی کے درخت سیبا پینٹنڈرا (ceiba pentandra) کے بیجوں پر لپٹا ہوتا ہے ، یہ درخت شرق الہند ، افریقہ اور اُستوائی علاقوں میں پایا جاتا ہے ، یہ مواد خاص طور پر تکیوں ، سلیپنگ بیگس میں بھرنے اور اشیا کو غیر مُوصل بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

kaposi's sarcoma, n. کیپوزل سرطان ؛ سرطان کی ایک کمیاب شکل جو بعض اوقات جسم کی مدافعتی کمی سے وابستہ ہوتی ہے ۔

kappa, n. کپا ؛ یُونانی حرُوف تہجّی کا دسواں حرف ، انگریزی حرف K یا k کا متبادل ۔

kaput, a. (عوامی) ناکارہ ؛ مُردہ ؛ نکمّا ؛ جس کی کامیابی کا کوئی امکان نہ ہو؛ خالی ؛ بیکار ؛ کپوت ۔

karabiner, carabiner, n. کارابینر ؛ فولادی چھلّا جو کوہ پیما استعمال کرتے ہیں ، جو رسہ لے جانے کی غرض سے ایک لمبی میخ کے ساتھ مُنسلک کیا جاتا ہے ۔

karakul, caracul, n. قُراقلی بھیڑ ؛ بھیڑوں کی ایک نسل جو وسطی ایشیا سے تعلّق رکھتی ہے ، چھوٹی عمر میں اس کی اون سیاہ اور بڑی عمر میں بھوری یا خاکستری ہوتی ہے : قراقُلی نومولود میمنے کی گھنگھریالی سیاہ اُون جو پوستین یا سمور کی طرح قیمتی ہوتی ہے؛ قراقلی ۔

karat, n. قیراط ؛ قراط ؛ خالص سونا جانچنے کا پیمانہ جس کا تعیّن بھرت کے ۱/۲۴ حصّےمیں خالص سونے کے وزن سے کیا جاتا ہے ؛ قیمتی جواہر کا وزن کرنے کا پیمانہ ۔ نیز دیکھیے : carat ۔

karate, n. کراٹے ؛ مبارزت کا ایک طریقہ جس نے جاپان میں نشوونما پائی ؛ اس طریقے میں ہاتھ ، پاؤں ، گُھٹنے اور کہنیاں استعمال کر کے تیزی سے مدّمقابل کو سخت ضرب لگائی جاتی ہے ۔

karma, n. (ہندومت ، بدھ مت) کرم ؛ ایک جنم میں آدمی کے اعمال جو اگلے جنم میں اس کی قِسمت کا تعیّن کرتے ہیں ؛ تقدیر ؛ قِسمت ؛ نصیب ؛ سرنوشت ؛ فلسفۂ عمل ۔

karmic, a. کرمی ۔

kaross, n. (جنوبی افریقہ) کروس ؛ مقامی لوگوں کا ایک لباس یا پوستین ، جو جانوروں کی کھالوں کو ملا کر مُربّع صورت میں سی کر بنائی جاتی ہے ؛ جانوروں کی کھالوں سے بنایا ہُوا نمدہ یا غالیچہ ۔

karroo, karoo, n. کارو ؛ کرو ؛ جنوبی افریقہ کی ایک وسیع بنجر مسطح/ہموار زمین ۔

karyokinesis, n. (حیاتیات) نوات حرکیّت ؛ خیطی تقسیم (Mitosis) : زندہ خلیہ کی تقسیم کے دوران خلیے کے مرکزہ کے اندر واقع ہونے والی تبدیلیاں؛خیطیّت ۔

karyokinetic, a. نوات حرکتی ؛ خیطیّتی ۔

karyolymph, n. (حیاتیات) نُووی لمف ؛ شفاف مادّہ جو ایک خلیے کے مرکزہ کو مُحیط ہوتا ہے ؛ نووی رس ؛ نوات لمف ۔

karyoplasm, n. (حیاتیات) نوات مایہ ؛ ایک خلیہ کے مرکزے کا مادّہ ۔

karyoplasmic, a. نوات مائی ۔

karyosome, n. (حیاتیات) نووی جسم ؛ ایک خلیے کے مرکزے میں موجود لونی مواد (Chromatine mass) ؛ نوات ؛ لونیہ ؛ نوات جسم ۔

karyotype, n. (جینیات) نواتی قسم ؛ ایک خلیے کے مرکزہ کی مجموعی خصوصیات ، بالخصوص اس کی جسامت ، ہیئت اور لونی عدد ۔

kasbah, n. دیکھیے : Casbah ۔

Kashmir goat, n. کشمیری بکری ؛ برصغیر کی دیسی بکری جِسے نرم اور ملائم اُون کے لیے پالا جاتا ہے ، جس سے کشمیری کام کی اشیا تیّار کی جاتی ہیں ۔

Kashmirian, a.,n. کشمیری ؛ کشمیر یا کشمیری خصوصیات سے متعلّق ۔

Kashmiri, n. کشمیری ؛ کشمیر کا باشندہ ؛ کشمیری لوگوں کی زبان ۔

katharsis, n. دیکھیے : Catharsis ۔

katydid, n. (حشریات) امریکی ٹڈا ؛ Tettigoniidae خاندان کا جھینگر/ٹڈا جس کا رنگ زردی مائل سبز اور مونچھیں لمبی ہوتی ہیں ، اس کے بازوؤں یا پروں پر چَرچَری اعضا ہوتے ہیں جن سے یہ تیز آوازیں پیدا کرتا ہے ؛ امریکی جھینگر ۔

katzenjammer, n. اعضا شکنی ؛ خمار ؛ نشہ کے بعد محسوس ہونے والی بے چینی ، بے قراری اور گھبراہٹ کا احساس ؛ جسم کا ٹُوٹنا ۔

kauri, n. کوری ؛ نیوزی لینڈ کا ایک صنوبری/چلغوزہ بردار درخت جس سے قیمتی بیروزہ نکلتا ہے ، جو وارنش بنانے کے کام آتا ہے جبکہ لکڑی عمارات میں استعمال ہوتی ہے ؛ اگاتھی (Agathis) جنس کا کوئی بھی درخت ؛ قسم کاج ؛ کوروان کا درخت ۔

kava, n. کاوا ؛ ایک پولی نیشیائی جھاڑی جو فلفل کے خاندان سے ہے ؛ اس سے تیّار کیا جانے والا نشہ آور مشروب ۔

kayak, kaiak, kyak, kyack, n. کایاک/کایک ؛ قطبی امریکا کی مچھلی پکڑنے کی کَشتی یا ڈونگی جو سِیل کی کھالوں سے بنائی جاتی ہے ، یہ کھالیں لکڑی کے ایک ڈھانچے کے گرد منڈھی ہوتی ہیں ، بیچ میں دائرے کی شکل کی کُھلی جگہ سوار کے بیٹھنے کے لیے ہوتی ہے ۔

kayo, n. (مُکّہ بازی) کیو ؛ ناک آؤٹ ؛ حریف کو پالے باہر کر دینے والی ضرب ۔ (فعلِ متعدی) مُکّہ بازی میں حریف کو پالے سے باہر کرنا ۔

kazoo, gazoo, n. کازو ؛ گانے بجانے کا ایک کھلونا ، جس میں دونوں کناروں سے کُھلی ایک نلکی استعمال کی جاتی ہے ، اس کے ایک پہلو میں واقع سوراخ پر جِھلّی لگی ہوتی ہے جس کے ذریعے بجانے والا گنگناہٹ یا بھنبھناہٹ کی آواز پیدا کرتا ہے ۔

kea, n. کی ؛ ماؤری ؛ نیوزی لینڈ کا ایک بڑا سبزی مائل طوطا ؛ شاہ دانا (Nestor notabilis) : سبز طوطا ۔

kebab, kebob, n. دیکھیے : Kabob ۔

kedge, v.t. [Keg کی نرم صورت] کیج کرنا ؛ حرکت دینا یا رُخ بدلنا جیسے لنگر سے بندھے رسّے کو کھینچ کر جہاز کا ۔ (فعل لازم) کیج کی صورت میں حرکت میں لایا جانا ۔ (اسم) چھوٹا لنگر جس کی مدد سے بندرگاہ یا دریا میں جہاز کا رُخ ایک ہی سمت میں رکھا جاتا ہے ۔ نیز Kedge enchor ۔

keek, v.i. جھانکنا ؛ نظارہ کرنا ؛ دید بازی کرنا (جیسے : to keek through a hole) ۔

keel, n. وسطی پیندا ؛ کِیل ؛ پیندا شہتیر؛ چکّل ؛ جہاز کے پیندے کے وسط میں لگا ہُوا ڈھانچا ، جو طولاً اگلے سے پچھلے حصّے تک ہوتا ہے اور پُورے چوکھٹے/فریم کو سہارا دیتا ہے؛ کسی دوسرے ڈھانچے میں اس سے مشابہ حِصّہ مثلاً قابو غبارے میں ۔ (حیاتیات) پتّے یا ہڈّی میں لمبائی کے رُخ ابھرواں پُشتہ؛ کوہانیہ ۔ (بڑےK سے) (فلکیات) مجمع النجوم کوہانیہ (Carina) ۔

keelless, a. بے چکّل ؛ بے کیل ؛ بغیر وسطی پیندے کے ۔

keel, v.t., v.i. اوندھا کرنا یا ہو جانا ؛ اُلٹانا یا اُلٹ جانا ؛ پیندے کا اُوپر آ جانا ؛ جہاز الٹانا ۔

keel over, اوندھا ہونا ؛ اس طرح گرنا کہ غلط رُخ اوپر آ جائے ؛ اچانک گرنا یا بیہوش ہونا ۔

keelage, n. کیلانہ ؛ گودی میں جہاز ٹھہرانے کی فیس ؛ لنگرانہ ؛ محصولِ لنگر اندازی ۔

keelboat, n. کِیل کشتی ؛ باربردار کَشتی ؛ چپٹے پیندے کی کَشتی جس کی بُنیاد کِیل پر رکھّی گئی ہو ، عموماً مغربی امریکا کے دریاؤں میں استعمال کی جاتی ہے ۔

keelboatman, n. کِیل ملّاح ؛ کِیل بان ؛ کَشتی بان ؛ باربردار کَشتی کا ملّاح یا کارندہ ۔

keelhaul, v.t. (جہاز رانی) سمندر میں جہاز کے ایک طرف گرا کر دوسری طرف سے نکالنے کی سزا دینا ۔ (مجازاً) سخت سزا دینا یا جھڑکنا ۔

keelson, n. (جہاز رانی) کِیلچہ ؛ اندرونی شہتیر جو فرش کے شہتیروں کے درمیان چکل/کیل کے اُوپر ہوتا ہے ۔

keen, a. تیز ؛ ایسی شکل کا جو چیزوں کو آسانی سے کاٹ سکے جیسے تیز پھل ؛ تند ، کڑی ، کٹیلی اور تیز جیسے ہوا یا جاڑا؛ تیز اور واضح جیسے سماعت ، بصارت یا سونگھنے کی حِس ؛ زیرکی ؛ ذکاوت ؛ فراست ؛ طبّاعی یا تیز فہمی ظاہر کرنے والا جیسے پرجوش استدلال ؛ شدید احساس یا خواہش کا حامل جیسے سخت مقابلہ ؛ ذکی ، ذہین ؛ تیز ؛ زُود فہم ؛ تیز فہم ؛ طبّاع ؛ زیرک ؛ حسّاس ؛ کاٹ دار ؛ تکلیف دہ جیسے طنز ۔ (عوامی) بے حد اچھا ؛ بہترین ؛ شوقین ؛ آرزو مند ؛ شائق ؛ مُستعد ؛ تیّار ؛ مُشتاق ؛ نوک دار ؛ تُند ؛ سخت ؛ شدید ۔

keenly, adv. تیزی سے ؛ شدّت سے ؛ شوق سے ؛ سرگرمی سے ۔

keenness, n. تیزی ؛ شدّت ؛ شوقینی ؛ آرزومندی ؛ ارمان ؛ خواہش ؛ شوق ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ۔

keen, v.i. مُردے پر بَین کرنا ؛ ماتم کرنا ؛ نوحہ کرنا ۔ (اسم) ماتم ؛ بین ؛ نوحہ ۔

keener, n. نوحہ گر ۔

keep, v.t. رکھنا ؛ مالک ہونا ؛ پورا کرنا (جیسے وعدہ) ؛ سرپرستی کرنا (جیسے کنبے کی) ؛ نگہداشت کرنا ؛ محفوظ رکھنا (جیسے دستاویز یا رسالہ) ؛ حفاظت کرنا (جیسے : God keep us) ؛ روک رکھنا ؛ پابند رکھنا (جیسے I am sorry to keep you so long) ؛ جاری رکھنا ؛ مُلازم رکھنا (جیسے :she keeps a full time maid) ؛ رکھنا ؛ روکنا ؛ برقرار رکھنا ؛ سینت کر رکھنا؛ ذخیرہ رکھنا (جیسے : he keeps silks and woolens on hand) ؛ تواضع کرنا ؛ بچانا ؛ روکنا (عموماً from کے ساتھ) ؛ سنبھالنا ؛ محفوظ رکھنا (جیسے : this plastic wrap keeps vegetables for several days) ؛ چلانا ؛ نگرانی / نگہداشت کرنا (جیسے : to keep a shop) ؛ چوکی پہرے کے ساتھ تحویل میں رکھنا ، جیسے قیدی کو؛ مطیع رکھنا ؛ چوکسی کرنا ؛ خبرداری کرنا ؛ تکلُّف اور رسم کے مطابق منانا ، مثلاً تعطیل ؛ اپنی حیثیّت برقرار رکھنا (جیسے : keep your seat) ؛ مربوط رکھنا ؛ پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ اِیفا کرنا ؛ پورا کرنا ؛ ماننا ؛ لحاظ رکھنا ۔

keep, v.i. رہنا یا رکنا (جیسے :Keep off) ؛ کسی حالت، کیفیت، عمل یا طریقے میں مسلسل اور لگاتار رہنا ؛ خلل اور خرابی کے بغیر جاری یا قائم رہنا (جیسے :milk that will keep) ؛ مستقبل کے لیے محفوظ رکھنا ؛ جاری ہونا ؛ ساتھ رہنا ؛ ٹکنا ؛ ٹھہرنا ؛ ثابت رہنا ؛ برقرار رہنا ؛ پابند رہنا ؛ محدود رہنا ؛ چمٹے رہنا ؛ اکٹھا رہنا ۔

keep in with, (بول چال) کسی کے ساتھ بنا کر رکھنا ؛ دوستانہ تعلّقات رکھنا ۔

keep to oneself, دُوسروں سے الگ تھلگ رہنا ؛ تنہا رہنا ؛ رازداری برتنا ؛ راز کو محفوظ رکھنا؛ دُوسرے کو شریک نہ کرنا؛ اپنے ہی تک رکھنا ۔

keep, n. دیکھ بھال ؛ دستگیری یا اس کے ذرائع اور طریقے ؛ پرورش ؛ حفاظت ؛ قُرونِ وُسطیٰ کے محل/قلعہ کا محفوظ ترین مینار ؛ زمین دوز کمرہ ؛ تنگ و تاریک تہ خانہ ۔ (بول چال) داشتہ ۔

for keeps, مکمّل سنجیدگی کے ساتھ ؛ مستقل طور پر ۔

keepable, a. رکھے جانے والا ؛ قابلِ داشت ۔

keep back, v.t. سینت کر رکھنا ؛ محفوظ کر لینا ؛ روک کر رکھنا (جیسے رقم یا خبر) ؛ باز رکھنا ؛ روکے رکھنا ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو آگے بڑھنے یا نزدیک جانے سے روکنا ۔

keeper, n. محافظ ؛ ناظر ؛ کسی فرد ، جگہ یا شے کے لیے حفاظت، دیکھ بھال یا ذمّہ داری ادا کرنے والا شخص ؛ چوکیدار ؛ نگران ؛ امانتدار ؛ قانون یا قول کی پاسداری کرنے والا ؛ کسی چیز کو قابُو میں رکھنے والا نظام جیسے دروازے کا کنڈا یا پھرکی دار بلّی ؛ بکسُوا ؛ وہ چیز جو پھل یا سبزی کو خراب ہونے سے بچائے ؛ رکھوالا ؛ دربان ؛ پاسبان ؛ نگہبان ؛ داروغۂ جیل ۔

keeping, n. قبضہ ؛ ملکیّت ؛ اختیار ؛ مُنصفانہ تناسُب ؛ ہم آہنگی یا مُناسبت ؛ مطابقت ؛ مدد یا خبرگیری ؛ رکھوالی ؛ نگرانی ؛ دیکھ بھال ؛ محافظت ؛ نگہبانی ؛ حفاظت ؛ خبرداری ؛ چوکسی ؛

be in keeping with, کسی سے ہم آہنگ ہونا یا مناسبت رکھنا ؛ کسی کے ساتھ مستقل ہونا ۔

keep off, v.t. دُور کرنا یا روک لینا (حملہ) ؛ روک دینا ؛ ٹال دینا ؛ دُور رکھنا ۔ (فعل لازم) فاصلے پر رہنا یا پیچھے رُکے رہنا ؛ دُور رہنا ؛ پیچھے رہنا ۔

keepsake, n. یادگار ؛ کوئی شے جو یادگار یا نشانی کے طور پر رکھی جائے ؛ برائے یادگار ؛ نشانی ۔

keep up, v.t. جاری رکھنا ؛ مُصر ہونا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ بدستور قائم رکھنا یا بنا کر رکھنا (جیسے :To keep up with the neighbors) ؛ گرنے سے بچانا ۔ (فعل لازم) ہموار یا برابر رہنا ؛ باخبر رہنا ؛ بخوبی جاننا ؛ رُکے بغیر جاری رہنا ۔

keet, keat, n. (طیوریات) کیٹ ؛ گِنی مرغ ؛ گنی کا ایک پرندہ ؛ مرغا یا مُرغی ؛ پرندے کا بچہ ؛ چوزہ (خصوصاً) ناتجربہ کار شخص ؛ کچّا آدمی ۔

kef, keef, kief, kif, n. [عربی : غیر مضطرب] کیف ؛ خوابیدہ اور نشیلی حالت ؛ سرور کا عالم ؛ نشہ آور شے ، جیسے بھنگ یا حشیش جس کا کش لگانے سے سُرور کی کیفیت طاری ہو ۔

keg, n. پیپا ؛ چھوٹا ڈول یا ڈرم ، جس میں عموماً پانچ تا دس گیلن کی گُنجایش ہوتی ہے ؛ میخوں کا وزن کرنے کا پیمانہ جو ۱۰۰ پونڈ کے برابر ہوتا ہے ۔

kegler, n. (عوامی) باؤلر؛ گیند پھینکنے والا کھلاڑی ۔

keloid, cheloid, n. (امراضیات) خِلبہ ؛ ندبیّہ ؛ انگُور ؛ جلدی رابطہ بافت میں پیدا ہونے والی ریشہ دار نُمو ۔

keloidal, a. خِلبہ نُما ؛ انگور دار ؛ ریشہ دار نُمو سے متعلّق ۔

kelp, n. بحری کائی ؛ صوف البحر ؛ دریائی گھاس ؛ فیوکاسیا (Fucaceae) اور لیمیناریاسیا (Laminariaceae) خاندان کا ایک بڑی قسم کا صوف البحر جِسے جلا کر سوڈا کارب اور آیوڈین

(iodine) حاصل کیے جاتے ہیں ؛ بحری کائی کی راکھ ؛ اُشنۂ بحر ۔

kelpie, kelpy, n. کلپی ؛اسکاٹ لینڈ کی لوک کہانیوں میں گھوڑے کی صُورت کا دریائی بُھتنا جس کو اکثر ڈوبنے کی وجہ یا پیش گوئی سمجھا جاتا ہے ؛ سمندری بدروح ۔

kelpie, n. کلپی ؛ درمیانے جُثّے کی نسل کا کُتّا جو بھیڑوں کے گلے کی نگہبانی کرتا ہے ، آسٹریلیا میں اس کی نسل کشی کی غرض سے مختلف برطانوی گلہ بان نسل کے کُتّوں کو ڈنگو(dingo) نسل سے ملایا جاتا ہے ۔

Keltic, a. دیکھیے : Celtic ۔

kelt, n. دیکھیے : Celt ۔

Kelvin, n. [برطانوی ماہر طبیعیات لارڈ کیلون (۱۸۲۴ـ۱۹۰۷ء) کے نام پر] (طبیعیات) کیلونِ حرارت پیما ؛ امپیر ساعت ؛ مطلق پیمانہ ؛ مطلق درجۂ حرارت ناپنے کا پیمانہ ، جس میں مطلق صفر ۴۵۹٫۴ فارن ہائٹ کے مساوی ہوتا ہے ۔

kemp, n. موٹی اُون ؛ جت ؛ قالین میں استعمال ہونے والا بالوں کی طرح کا کھردرا ریشہ ؛ اُون کے موٹے بال سے بنا ہوا غالیچہ ۔

kempy, a. موٹی اُون کا ؛ موٹی اون کی طرح ؛ جت دار ۔

ken, v.t. (اسکاٹش) جاننا ؛ آگاہ ہونا ؛ شناسائی ہونا ؛ پہچاننا ۔ (قدیم) دیکھ لینا ؛ سمجھ جانا ؛ معلوم کر لینا ؛ دریافت کر لینا ؛ دُور سے دیکھنا ؛ پہچاننا ۔ (فعل لازم)(اسکاٹش و برطانوی بولی) کسی چیز کا عِلم ہونا ۔ (اسم) علم ؛ آگہی ؛ پہچان ؛ فہم ؛ اِدراک (جیسے :The concept is beyond his ken) ۔

kenaf, ambary, n. کناف ؛ شرق الہند کا میلو خاندان کا ایک پودا جس کا ریشہ رسّہ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ پٹ سن ؛ سن ککڑا (Hibiscus cannabinus) ۔

kendal green, n. کینڈال سبز ؛ موٹی بافت کا سبز کُھردرا اُونی کپڑا ؛ اس کپڑے کا سبز رنگ جو وڈویکسین (woad waxen) نام کے پودے سے کشید کر کے تیّار کیا جاتا ہے ۔

kennel, n. سگ خانہ ؛ کُتّے کی کوٹھڑی ؛ کُتّا گھر ۔ (عموماً جمع) کُتّوں کی افزائش نسل/نسل کشی کی جگہ ؛ کُتّوں کی ٹولی ؛ کسی جنگلی جانور بالعموم لومڑی کا بھٹ یا کھوہ یا غار ؛ ادنیٰ درجے کا مکان ؛ گھٹیا رہایش گاہ ؛ حقیر جگہ ۔ (فعل لازم) کُتّے کی طرح کوٹھری میں رہنا ۔ (فعل متعدی) کوٹھری میں بند رکھنا ۔

kennel, n. بدرَو ؛ موری ؛ سڑک یا گلی میں پانی کے نکاس کا راستہ ؛ پانی کا راستہ ؛ نالی ؛ گٹر ۔

Kennelly, Heaviside layer, n. بالائی ہوا کا ایک حصّہ جو زمین کو محیط ہے ؛ بالائی ہوا کی تہ ۔

kenning, n. تخلّص ؛ عُرف ؛ تشریحی یا وضاحتی نام ، بس اتنا کہ شناخت یا پہچان ہو سکے ؛ چھوٹی سی رقم ؛ تھوڑی سی مقدار ؛ چٹکی بھر ؛ ناروے کی قدیم زبان ، اینگلو سیکسن اور ابتدائی ٹیوٹانک شاعری میں ایک وضاحتی شاعرانہ نام یااصل نام کے ساتھ اضافی نام ؛ تعارفی نام ؛ استعاراتی نام ؛ علامت ۔

kenny method, n. (طب) کینی طریق علاج ؛ ورمِ مادّۂ نخاع یا فالج اطفال (poliomyelitis) کے علاج کا طریقہ جس میں ورزش اور گرم لیپ دونوں سے کام لیا جاتا ہے ۔

keno, n. جُوابازی ؛ قسمت آزمائی کا کھیل جو جُوا بازی کے لیے لوٹو سے اخذ کیا گیا ہے اور جس میں پانچ اعداد کی قطار پانچ پانچ میں تقسیم ہوتی ہے ۔

Kentish, a. کینٹی ؛ برطانوی کاؤنٹی کینٹ یا اس کے باشندوں سے متعلّق ؛ کینٹ کی سابق برطانوی سلطنت کا یا اس سے متعلق ، اس کے باشندے یا قدیم اِنگریزی زبان یا وہاں بولی جانے والی یا ازمنۂ وسطیٰ کی انگریزی بولیاں ؛ کینٹائی ۔

kentledge, n. بار توازن ؛ کچّا لوہا جو جہاز کو مستقل توازن میں رکھنے کے لیے جہاز میں بھر لیا جاتا ہے ؛ پاسنگ ۔

Kentucky blue grass, June grass, n. کنٹکی نیلی گھاس ؛ نیلی گھاس ؛ نیلاہٹ مائل سبز ڈنٹھل والی گُچھے دار گھاس ؛ امریکا کے وسطی علاقے میں پائی جانے والی چراگاہی اور گُلستانی گھاس جو وہاں کے لوگوں کی پسندیدہ ہے ۔

kentucky coffee tree, n. کنٹکی کافی درخت ؛ کنٹکی شجرِ قہوہ ؛ پھلی دار قسم/خاندان کا ایک درخت (Gymnocladus dioica) ، اس کی موٹی پھلیوں کے دانے کبھی کافی کے متبادل کے طور پر استعمال ہوتے تھے ۔

Keogh Act Plan, n. کیوغ منصوبہ ؛ بچتوں کا ایک پروگرام جو خودروزگار افراد کو ، ٹیکس میں تخفیف کی رعایت کے ساتھ ، ریٹائرمنٹ کے باضابطہ منصوبے میں اپنا حصّہ ادا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے ۔

kepi, n. کیپی ؛ خود ؛ مِغفر ؛ چپٹی سطح والی مِغفر ؛ چشمہ سمیت فوجی ٹوپی ؛ فرانسیسی فوج کی ٹوپی جو اوپر سے چپٹی ہوتی ہے ۔

Kepone, n. کیپون ؛ حشرات کُش دوا کا ایک جُزو جس پر سرطان زا ہونے کا شُبہ ہے ۔

keratin, n. (حیاتی کیمیا) قراتن ؛ قراتین ؛ حل نہ ہونے والا مواد جس میں سلفر پایا جاتا ہے جو سینگوں ، بالوں اور ناخنوں میں ہوتا ہے ؛ قرنی مادّہ ۔

keratoplasty, n. (جرّاحی) قرنیہ پیوندی ؛ جرّاحی عمل جس کے ذریعے آنکھ کے قرنیہ کی خراب شُدہ بافت کو صحت مند قرنی بافت سے بدل دیا جاتا ہے ۔

keratoplastic, a. قرنیہ پیوندی سے متعلق ۔

keratosis, keratoderma, keratoma, n. (امراضیات) قرنیت ؛ جِلد پر قرن نما گومڑ یا رسولی ؛ قرنی سلعہ ؛ قرنی جِلد ۔

keratosic, keratotic, a. قرنی جِلد سے متعلّق ؛ قرنی ۔

kerb, n. (برطانوی) دیکھیے : Curb ۔

kerchief, n. رُومال ؛ گلوبند ؛ انگوچھا ؛ سر اور کندھے ڈھانپنے کا کپڑا ؛ گردن کے گرد لپیٹنے کا ڈھیلا کپڑا ۔

kerchiefed, kerchieft, a. رومال سے ڈھکا ہوا ۔

kerf, n. چیر ؛ شگاف ؛ آری یا کسی دوسرے کاٹنے کے اوزار سے بنایا ہُوا چیر یا شگاف ؛ وہ مقام جہاں سے کوئی درخت یا اس کی شاخ کاٹی گئی ہو ؛ کوئی کاٹی ہوئی چیز ۔ (فعلِ متعدّی) چیرنا ؛ شگاف لگانا ۔

kermes, n. قرمز ؛ سُرخ رنگ ، جو مادہ کیڑے Kermes ilices کے خُشک اجسام پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ شاہ بلُوط کی مختلف انواع پر ، جو بحیرۂ رُوم کے گردونواح میں پائی جاتی ہیں ، ملتا ہے ؛ کرمز دانہ ؛

کرم قرمز۔

kermis, kermess, kirmess, n. گرجا گھر کی سالانہ عبادت؛ نشیبی ممالک جیسے ہالینڈ وغیرہ میں ہونے والا سالانہ تیوہار کا میلہ جس میں کھیل تماشے ہوتے ہیں اور خُوب دُھوم مچتی ہے ؛ تفریحی پروگرام عام طور پر خیراتی مقاصد کے تحت ۔

kern, n. (طباعت) کَرن ؛ ٹائپ کی ساخت سے آگے بڑھا ہوا حصّہ ۔ (فعل متعدی) کَرن فراہم کرنا ۔

kern, kerne, n. (قدیم) سبک بردار سپاہی ؛ آئرلینڈ اوراسکاٹ لینڈ کا ہلکے اسلحہ سے لیس پیدل سپاہی یا ایسے سپاہیوں کا دَل ؛ آئرلینڈ اوراسکاٹ لینڈ کا گنوار شخص ؛ کسان ۔

kernel, n. گری ؛ مغز ؛ گری دار میوے کا خوردنی مواد جو بیج یا پھل کی گُٹھلی میں ہوتا ہے ؛ گندم یا اناج کا دانہ ؛ کسی معاملے کا اہم یا بڑا جزو ؛ لُبِّ لباب ؛ خلاصہ ؛ گودا ؛ جوزہ ؛ مرکزہ ؛ قلب ؛ مرکز ۔ (مجازاً) جڑ ؛ اصل ؛ اساس ؛ بنیاد ۔ (فعل متعدی) پکا کر مغز کی صورت دینا ؛ گری بنانا ۔

kernelly, a. مغز دار ؛ گری دار ۔

kerosene, kerosine, coal oil, (Brit.) paraffin, paraffin oil, n. مٹی کا تیل ؛ کوئلہ ، تارکول یا پٹرولیم سے کشید کیا ہُوا ہائیڈروکاربن مائع ؛ گاڑھا ہائیڈروکاربن یا لالٹین اور چولہے میں بطور ایندھن استعمال ہونے والا مائع ؛ صفائی کے لیے استعمال ہونے والا مائع یا محلل ؛ کیروسین ؛ پیرافین ؛ گھاس لیٹ ؛ گیس کا تیل ۔

kerria, n. (نباتیات) کِیریا ؛ گلاب کی نسل کی ایک جھاڑی ؛ جاپان میں پائی جانے والی کُھردرے سبز تنے والی جھاڑی جس پر اکہرے یا دوہرے پیلے پُھول لگتے ہیں ۔

Kerry, n. کرّی ؛ جنوب مغربی آئرلینڈ کا ایک چھوٹے قد اور کالے رنگ کا دُودھ دینے والا مویشی ۔

kerry blue terrier, n. ٹیریر کتا ؛ ایک قسم کا ٹیریر کُتّا جو آئرلینڈ میں پایا جاتا ہے ، جس کا سر لمبا اور رنگ نیلاہٹ مائل چتکبرا ہوتا ہے ۔

kersey, n., a. پٹو ؛ پٹی ؛ موٹی بافت کا اُونی یا اُون اور سُوت کا بنا ہوا کپڑا جو لباس کے اُوپر یا دوسرے کُھردرے کپڑوں پر پہنا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا چھوٹے عرض کا موٹا کپڑا جو لمبی اُون سے تیّار کیا جاتا ہے ۔

kerseymere, n. کشمیرا ؛ عُمدہ اون سے دوسُوتی بافت میں بُنا ہُوا کپڑا ؛ ایک قسم کا پشمینہ ؛ اس کپڑے کی پتلون ۔

kerygma, n. تبلیغ ؛ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی زندگی اور تعلیمات کی تبلیغ ۔

kergymatic, a. تبلیغی ۔

kestrel, n. شکرا ؛ ایک عام چھوٹا یورپی باز جو دلدلی علاقوں ، ساحلوں اور کھیتوں میں رہتا ہے اور ہوا کی مخالف سمت مُنہ کر کے منڈلانے کے لیے مشہور ہے ؛ لٹورا ؛ ٹرمتی ۔

ketch, n. دو مستولی چھوٹا جہاز ؛ کیچ ؛ آگے اور پیچھے دو مستولوں والا چھوٹا بحری جہاز، بڑا مستول سامنے اور چھوٹا عقبی سمت میں لیکن پتوار کے سامنے ہوتا ہے ۔

ketchup, catchup, catsup, n. چٹنی ؛ گوشت اور مچھلی کے لیے چٹنی جو کُھمبی اور کچے اخروٹ یا ٹماٹر سے بنتی ہے ؛ ٹماٹر کی مصالحہ دار گاڑھی چٹنی ۔

ketene, n. (کیمیا) کیٹین ؛ ایک زہریلی بے رنگ تیز بُو والی گیس جو ایسٹک این ہائیڈرائڈ (Acetic Anhydride) سے کشید کی جاتی ہے ؛ اس سے متعلّق مرکبات میں سے کوئی ۔

keto, a. (کیمیا) کیٹون (ketone) رکھنے والا یا اس سے متعلّق ؛ کیٹونی ۔

ketogensis, n. (طب) کیٹون زائی ؛ جسم کے اندر کیٹون کی پیدایش خصوصاً ذیابیطس کے مریض میں ۔

ketogenetic, a. کیٹون زا ؛ کیٹون سے متعلق ۔

ketol, n. (کیمیا) کیٹول ؛ نامیّاتی مُرکّب جس میں الکحل اور کیٹون شامل ہوتے ہیں ۔

ketone, n. (کیمیا) کیٹون ؛ نامیاتی مرکّب کی کوئی بھی قسم جیسے ایسٹون ، جس میں ہر ایک کاربونائل (carbonyl) گروہ پر مشتمل ہوتا ہے ، جو ایک دو گرفتہ یا دو یک گرفتہ ہائیڈروکاربن اصلیہ سے مُتحدّ ہوتا ہے ، عموماً صنعت میں بطورِ محلل مستعمل ہے ۔

ketonic, a. کیٹون سے متعلّق ۔

ketosis, n. (امراضیات) کیٹونیّت ؛ جسم میں کیٹون کا غیر معتدل اجتماع ۔

ketonebody, n. (حیاتی کیمیا) کیٹون جسم ؛ ذیابیطس کے مریض کے خون یا پیشاب میں ایسیٹون تیزاب کی موجودگی ۔

ketose, n. (کیمیا) کیٹوز ؛ کیٹون گروپ رکھنے والا ایک سادہ شکرین (monosaccharide) مادّہ ۔

kettle, n. کیتلی ؛ دھات کا برتن پانی وغیرہ ابالنے کے لیے خصوصاً چائے کی کیتلی ؛ ایک برتن ؛ دیگ ؛ دیگچہ ؛ پتیلی ؛ پتیلا ۔

kettle hole, n. برتن کا سوراخ ۔

kettledrum, n. نقارہ ؛ ڈنکا ؛ نوبت ؛ ایک طرح کا ڈھول جس کا کھوکھلا نصف کُرہ پیتل یا تانبے کا بنا ہوتا ہے اور اس کے مُنہ پر چمڑا مَنڈھا ہوتا ہے اور جس کی آواز کو اُونچا نیچا کیا جا سکتا ہے ؛ دھونسا ؛ تاشہ ۔

kettle of fish, n. بے ڈھب حالت ؛ پریشان کُن معاملہ ؛ معاملہ زیرِ غور ؛ بے ڈھب معاملہ ۔

key, n. کُنجی ؛ چابی ؛ کِلید ؛ مفتاح ؛ تالا لگانے یا کھولنے کا اوزار ؛ کوئی ایسی چیز جو اندر داخل ہونے میں مدد دیتی ہے یا داخل ہونے سے روکتی ہے ؛ رسائی کا ذریعہ ؛ حصول کا ذریعہ ؛ کسی مسئلے کا فہم یا حل ؛ ریاضی یا دُوسرے مسائل کی مشقوں کے حل پر مشتمل کتاب ؛ شرح ؛ شناخت اور موازنہ کے لیے بیئتِ اَجسام کے گروہوں کی خصوصیات کی جَدوَل یا فہرست ؛ کسی نقشے یا گراف میں مستعمل علامتوں اور مختصرات کی فہرست ؛ کسی رسالے کے اشتہار کا ایسا مواد جو مشتہر کو جوابات کے ذرائع سے آگاہ کرے ؛ کیل ؛ چٹخنی ؛ پچر یا کوئی دُوسری چیز جو کسی سُوراخ یا خالی جگہ میں لگائی گئی ہو اور جو کسی مشینی ڈھانچے کے اجزا کو یکجا رکھے ؛ جوڑ لگانے والی کیل ۔ (فن تعمیر) مرکزی پتھر ؛ نٹ بولٹ یعنی پیچ وغیرہ پکڑنے اور کسنے والا آلہ ؛ بجلی کی ترسیل جاری کرنے یا روکنے کا دستی سوئچ یا بٹن جیسا کہ تار برقی میں ۔ (نجاری) جوڑ کی مضبوطی کے لیے سخت لکڑی سے بنی ہوئی پچر یا

کِیل ؛ کسی سطح پر کُھردری بافت جو چپکنے کی خاصیت کو بہتر بنائے جیسے پلاسٹر یا گوند کے لیے ؛ کُنجیاں یا بیرم جن کو دبا کر پیانو بجایا جاتا ہے یا کوئی آلۂ موسیقی ، بانسری ، تار برقی ، ٹائپ مشین چلائی جائے ۔ (بڑے K سے) (جمع) چوبیس نمائندوں کی وہ مجلس جو جزیرہ مان کی قانون ساز اسمبلی کے ایوان زیریں یا منتخب ایوان سے عبارت ہے ۔ (نباتیات) سہارا ۔ (موسیقی) کسی مخصوص راگ پر مبنی سُروں کا نظام ؛ ایسے نظام کے مختلف سُروں کے درمیان نغمہ و آہنگ کے رشتوں کا مجموعہ ، ہم آہنگی ؛ آواز کا درجہ یا آہنگ ؛ آواز کا زِیروبم جیسے اُونچی آواز میں بولنا ؛ انداز ، اسلُوب جیسے انداز فکر ، اسلوب فکر یا انداز بیان یا اسلُوب بیان ؛ درجۂ شدّت جیسے احساس کا یا عمل کا ؛ ایک کلید کی طرح برسر عمل ؛ کلیدی عمل ۔ (عکّاسی) تصویر کا معیار ؛ قابو میں رکھنے والا ۔ (صفت) مخصوص یا انتہائی اہمیت کا حامل ؛ مرکزی ؛ بُنیادی (جیسے : The key industries of a nation) ۔

key, v.t.
چابی سے بند کرنا یا مقفّل کرنا ؛ چابی لگانا ؛ محفوظ کرنا یا دُرست کرنا ؛ پچّر وغیرہ سے مشین کے پُرزوں کو درست کرنا ؛ محراب میں مرکزی پتّھر لگانا ؛ مخصوص کلید کے ذریعے سے آواز کے زِیروبم کو باقاعدہ بنانا ؛ احساس کی شِدّت کو مخصوص معیار یا درجے تک لانا ؛ جوش ، جذبہ یا توانائی کے درجہ کو بلند کر کے ایک انتہا تک پہنچا دینا (عموماً بعد میں up لگاتے ہیں) ؛ کسی اِشتہار میں حل شامل کرنا ؛ پچر جڑانا ؛ بلّی یا چٹخنی لگانا ؛ آلپن لگانا ؛ تاروں کو کسنا ۔

key, cay, n.
چٹانوں کا سلسلہ ؛ طبقۂ حجری یا چھوٹا جزیرہ ؛ بالخصوص مونگوں کا بنا ہُوا جزیرہ ؛ جزیرۂ مَرجان ۔

keyboard, n.
کلیدی تختہ ؛ ساز کے پردوں کا تختہ ، موسیقی کے آلے میں کُنجیوں کا تختہ جیسے پیانو ، آرگن یا ٹائپ مشین میں یا ٹائپ سیٹنگ مشین میں ۔

key club, n.
چابی کلب ؛ شبینہ کلب جہاں ارکان کو مقررہ فیس کی ادائیگی پر دروازے کی چابیاں دی جاتی ہیں ۔

keyed, a.
کلید دار ؛ چابی یا چابیوں والا ؛ علاماتی نشانات والا جیسے ایک نقشہ اور اس کا عنوان ؛ ہم آہنگ یا ترتیب دیا ہوا ؛ ڈھلا ہُوا ، ترتیب دیا ہُوا یا ڈھالا ہوا ۔ (موسیقی) خاص سُر میں مِلایا ہُوا ۔

keyhole, n.
چابی سوراخ ؛ قفل کا دہانہ یا سوراخ ؛ قفل کا مُنہ ؛ چابی ڈالنے والا سوراخ جیسے قفل میں ۔ (باسکٹ بال) میدان کا وہ حصّہ جس کے عقب سے آزادانہ گیند پھینکی جا سکے ؛ قفل میں کنجی لگانے کا سُوراخ ۔ (صفت) خانگی راز ؛ نجی اور ذاتی قسم کی اطلاعات اور معلومات سے متعلّق خصوصاً وہ معلومات جو جاسُوسی کے ذریعے حاصل کی جاتی ہیں ۔

keynote, n.
(موسیقی) بنیادی سُر ؛ کلیدی سُر جس پر سروں کا سلسلہ ترتیب دیا جاتا ہے ؛ کسی تقریر ، سوچ یا اقدام یا لائحۂ عمل کا بُنیادی نکتہ یا بنیادی خیال ۔ (فعل متعدی) کسی پروگرام مثلاً سیاسی اجلاس کے بُنیادی مقاصد کا اعلان کرنا ؛ بنیادی خیال یا تصوُّر پیش کرنا ۔

keynoter, n.
بُنیادی یا کلیدی خطاب کرنے والا آدمی ۔

keynote address, keynote speech, n.
کلیدی خطاب ؛ سیاسی اجتماع میں کی جانے والی تقریر جس میں جماعت یا اس کے اُمیدواروں کے بُنیادی مسائل پیش کیے جائیں اور جس کے ذریعے لوگوں میں جوش اور جذبہ پیدا کیا جائے ؛ اجلاس کے شروع میں کی جانے والی تقریر ؛ اجلاس کی مقصدیت واضح کرنے والی تقریر ؛ کلیدی تقریر ۔

key punch, n.
(کمپیوٹر) کلیدی سُوراخ ؛ کی پنچ ؛ کلیدی تختہ سے حرکت میں آنے والی مشین جو اعداد و شمار کے تجزیہ کے لیے کارڈوں میں ترتیب کے ساتھ سوراخ کر کے علامات کی صورت میں معلومات جمع کرتی ہے ؛ کلیدی پنچ ۔

key ring, n
چابیوں کا چَھلّا ؛ کُنجیوں کا چھلّا ؛ عموماً دھات کا بنا ہوا چھلّا جس میں چابیاں پروئی جاتی ہیں ؛ تالی چھَلّا ۔

key signature,
(موسیقی) علامتِ کلید ؛ بھاری سُر جس سے دُھن کا اشارہ ملتا ہے ۔

keystone, n.
(فن تعمیر) کلیدی پتھر ؛ بنیادی پتھر ؛ محراب کے سِرے کا پتھّر جو محراب کو باندھ لیتا ہے ؛ ڈاٹ کا وسطی پتھّر ؛ کسی چیز کا وہ حصّہ جس پر دُوسرے حصّے کا انحصار ہو ؛ پشتیبان ؛ سہارا ؛ بُنیادی اُصول ؛ مرکز خیالات ؛ محورِ خیالات ؛ مرکز ؛ محور ۔

keyway, n.
چابی سُوراخ ؛ کُنجی کے لیے سوراخ ۔ (مشین) مشینی دُھرے یا پہیے کے درمیانی حصّے میں چابی لگانے کے لیے سوراخ یا شگاف ۔

key word, n.
کلیدی لفظ ؛ مرکزی لفظ ؛ اہم لفظ ؛ دُوسرے الفاظ کی نسبت خُصوصی اہمیّت کا حامل لفظ ؛ تحریروتقریر میں مکمّل معانی بیان کرنے والا لفظ ؛ کسی معمّا یا رمزی تحریر کا حل ظاہر کرنے والا لفظ ۔

khaddar, khadi, n.
[اردو]کھدّر ؛ کھڈی ؛ برصغیر میں گھریلو دستکاری سے کاتی بُونی کپاس یا روئی سے تیار ہونے والا کپڑا ؛ موٹا سُوتی کپڑا ۔

khaki, n.
[اردو]خاکی کپڑا ؛ مضبوط پیلے بھورے/زردی مائل بھورے یا زیتونی بُھورے رنگ کا سُوتی کپڑا جس سے اکثر فوجی وردیاں بنائی جاتی ہیں ؛ اس طرح کا اونی کپڑا ۔ (اکثر جمع) لباس ؛ بالخصوص فوجی وردی ، جو خاکی کپڑے سے بنی ہو ۔ (صفت) خاکی رنگ کا ؛ مدھم زردی مائل بُھورا ؛ خاکی ۔

khalif, khalifa, n.
خلیفہ ۔ نیز دیکھیے : Caliph ۔

khamsin, khamseen, kamsin, n.
خمسین ؛ مِصر میں جنوب کی طرف سے چلنے والی گرم ہوا جو تقریباً پچاس دن تک چلتی رہتی ہے ۔

khan, n.
خان ؛ ازمنۂ وُسطیٰ میں چینی اور تاتاری قبائل کا بادشاہ ؛ منگول فاتح چنگیز خان کے جانشینوں کا لقب ؛ وَسطی ایشیا میں سرکاری حُکام کے لیے تعظیمی نام یا خطاب ؛ سردار ؛ تاتاری اور ترکی قبیلوں کا فرمانروا ؛ بادشاہِ چین ؛ خاقانِ چین ۔

khanate, n.
خان کی ریاست ؛ ایک خان کی ریاست یا سرداری کی حدود ۔

khan, n.
سرائے ؛ بعض مشرقی ممالک میں کارواں سرائے کو کہتے ہیں ؛ کاروان سرائے ۔

kheda, khedah, n.
[اردو] کھیدا ؛ کھڈا ؛ برّصغیر میں جنگلی ہاتھی کو پکڑنے کے لیے بنایا گیا باڑا ، احاطہ یا جنگلا ۔

khedive, n. خدیو ؛ انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں مصر میں متعیّن تُرکی وائسرائے کا خطاب ؛ خدیوِ مصر ۔

khedival, khedivial, a. (صفت) خدیوی ؛ خدیو کا ۔

kiang, kyang, n. کیانگ ؛ جنگلی گدھا ؛ گورخر ؛ تبت اور منگولیا میں جنگلی گدھے کی ایک قسم ۔

kibble, n. (برطانوی) ڈول ؛ کان میں سے کچدھات نکالنے کے لیے استعمال ہونے والا بڑا ڈول ؛ ستل؛ دَلو ۔

kibbutz, n. کیبوتس ؛ اسرائیلی آبادی یا زرعی کھیت یا فارم جس میں اجتماعی نظام کے تحت کاشتکاری کی جاتی ہے ۔

kibe, بوائی ؛ چیر ؛ سردی سے پھٹے ہوئے یا سُرخ ہو جانے والے ہاتھ ، پیر خصوصاً ایڑی ۔

kibitizer, n. (بول چال) دخل در معقولات کرنے والا ؛ خواہ مخواہ مشورہ دینے والا ؛ اس قسم کا آدمی جو تاش کا کھیل دیکھ رہا ہو ۔

kibitz, v.i. دخل در معقولات کرنا ؛ خوامخواہ مشورہ دینا ۔

kibosh, n. (عوامی) روکنے یا ٹھہرانے والا ۔ (قدیم) مہمل بات ؛ لغوبات ۔

put the kibosh on, (عوامی) رکاوٹ پیدا کرنا ؛ قدغن لگانا ۔

kick, v.t., v.i. ٹھوکر مارنا ؛ پاؤں سے ضرب لگانا ؛ جواباً مارنا جیسے اسلحہ سے ؛ دھکیلنا یا طاقت استعمال کرنا جیسے پاؤں سے ؛ ضرب لگانا جیسے کُرسی کو ٹھوکر مارنا ؛ فُٹ بال میں گیند کو ٹھوکر مار کر گول کرنا ؛ دولتّی جھاڑنا جیسے گھوڑے کا بچھیرا دولتیاں جھاڑتا ہے ؛ اُلٹا جھٹکا دینا جیسے بندوق کا (چلنے پر) ؛ لات مارنا ؛ لتیانا ۔ (بول چال) اعتراض یا شکایت کرنا جیسے گھریلو یا چھوٹے موٹے کام کرتے ہوئے (جیسے : to kick about doing chores) ۔

kick around, (عوامی) بدسُلوکی کرنا ؛ سختی سے استعمال کرنا ؛ کسی کام کے تمام مدارج اور اِمکانات پر بحث کرنا ۔

kick in, (عوامی) اپنا حصّہ ادا کرنا ؛ حصّہ ڈالنا ؛ چندہ دینا ، (روپے پیسے کی صورت میں) ؛ مرنا ۔

kick out, (بول چال) کسی کو زبردستی نکال باہر کرنا یا برخاست کرنا ؛ ہٹا دینا ۔

kick the bucket, (عوامی) مرنا ؛ وفات پانا۔

kicker, n. ٹھوکر مارنے یا ضرب لگانے والا ؛ ضارِب ۔

kick, n. ٹھوکر ؛ ضرب ؛ مار ؛ دَھکّا ؛ پاؤں کی ٹھوکر یا ضرب ؛ پیچھے کی طرف آنے کی حالت جیسے بندوق چلانے سے لگنے والا دھچکا ؛ شیشے کی بوتل کی پیندی میں بنا ہُوا دندانہ ۔ (فُٹ بال) گیند کو ٹھوکر لگانے کا عمل ؛ لات ؛ دولتّی ۔ (بول چال) اعتراض یا شکایت ۔ (عوامی) الکحل آمیز مشروب میں نشہ کو تیز کرنے والی اور تحریک دینے والی خاصیّت ؛ جذبات کی لہر یا پُرجوش احساس جیسے جیت کے بعد ؛ کوئی نئی دلچسپی یا شغل (جیسے : skin diving, her latest kick) ؛ طاقت و توانائی (جیسے : plenty of kick left in the oldman) ۔ (جمع) (عوامی) بطورِ شغل ، تفریح ۔

kickback, n. (عوامی) کٹوتی ؛ خفیہ معاہدے کے تحت ادائیگی یا کمیشن میں سے تھوڑی رقم لوٹا دینے کا عمل ؛ فوری اور اچانک ردِّعمل ۔

kickoff, n. آغاز ؛ ابتدائی کھیل ؛ کھیل کا آغاز جیسے فٹ بال میں پہلی ٹھوکر جو وقفے اور گول کے بعد دُہرائی جاتی ہے ۔ (مجازاً) آغاز یا شُروع ۔

kick off, v.i. (بول چال) کھیل شروع کرنے کے لیے گیند کو ٹھوکر لگانا ۔ (عوامی) مرنا ۔ (فعل متعدی) (بول چال) شُروع کرنا (جیسے : He will kick off the festivities) ۔ (کھیل) (عوامی) ہٹا دینا یا برخاست کر دینا ، خصوصاً جیسے شوقیہ کھلاڑی کو مقابلے کے کھیل میں ٹیم سے علیحدہ کرنا ۔

kickshaw, n. معمولی ؛ بے وَقعت ؛ کم قیمت یا کم اہمیت رکھنے والی چیز ؛ غیر اہم خُودنی شے ؛ وہ نفیس اور ہلکی غذا جس سے بُھوک رفع نہ ہو ؛ کوئی عُمدہ ڈش یا نُقل ۔

kick turn, n. اِسکی انگ ضربی موڑ ؛ برف پر پھسلتے ہوئے ایک چھڑی کو دُوسری کے ساتھ ایک زاویہ پر رکھتے ہوئے ساکت جسم کا نصف موڑ ، اور پھر دوسری چھڑی کو پہلی کے متوازی لانے کا عمل ۔

kickup, n. (بول چال) گڑبڑ ؛ جھگڑا ؛ شور و شر ؛ فساد ۔

kick up, v.t. ٹھوکر سے اُوپر اٹھانا ۔ (بول چال) وقوع پذیر کرانا (جیسے : to kick up a disturbance) ۔ (فعل لازم) گڑبڑ کی گواہی فراہم کرنا یا کسی خرابی کو ظاہر کرنا ؛ ناسُور کا اُبھرنا (جیسے : an ulcer which kicks up periodically) ۔

kid, n. میمنا ؛ بکری کا بچّہ ؛ بزغالہ ؛ بکری کے بچّے کا گوشت یا کھال ؛ حلوان ؛ کٹڑا : اس سے بنا ہُوا چمڑا ۔ (جمع) اس چمڑے کے دستانے یا جوتے ۔ (بول چال) بچّہ ؛ نو عمر ۔ (فعل لازم و متعدی) بکری کا بچّہ جننا ۔

kiddishness, n. بچپن ؛ طفولیت ۔

kidlike, a. میمناسا ؛ طفلانہ ۔

kid, v.t. عوامی تنگ کرنا ؛ مذاق کرنا ؛ دِق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ دِل لگی کرنا ؛ دھوکا دینا یا بے وقوف بنانا ؛ کسی بھلے مانس کا مذاق اڑانا ۔ (فعل لازم) مذاق میں دھوکے میں ڈالنے والی بات یا کام کرنا ؛ دم دینا ؛ جھانسا دینا ۔

kidder, n. دِل لگی باز۔

kiddingly, adv. دِل لگی بازی سے ؛ مذاقاً ۔

Kidderminster, n. [ورسسٹر شائر کے ایک قصبہ کے نام پر] رنگ دار تانے بانے کی ایک قسم ؛ دوہری بُنت کا قالین جس میں دونوں طرف رنگ الٹے نظر آتے ہیں ؛ کڈرمنسٹر ۔

kiddush, n. [عبرانی] قدُوش ؛ شام کے کھانے میں شراب پر پڑھی جانے والی دُعاءخصوصاً سبت یا کسی تہوار کے موقعے پر ۔

kid glove, n. دستانے ؛ بکری کے بچّے کی کھال یا کسی ایسی چیز سے بنائے گئے نَرم دستانے ۔

with kid gloves, (مجازاً) ادب یا توجّہ سے ؛ ہوشیاری یا موقع شناسی سے ۔

kidgloved, a. نرم دستانے پہنے ہوئے ۔ (مجازاً) آداب میں نفاست پسند ؛ شایستہ اطوار ؛ مہربان ؛ فیّاض ۔

kidnap, v.t. اغوا کر لینا ؛ بچّہ چرانا ؛ پکڑنا اور بزور لے جانا ؛ زبردستی لے جانا ؛ کسی کو زرِتاوان وصول

کرنے کے لیے اُٹھا لے جانا ؛ ناجائز طور پر لے جانا ؛ لے بھاگنا ؛ بچّوں کو بھگا لے جانا ؛ اُڑا لے جانا ؛ چُرا لے جانا ۔

kidnaper, kidnapper, n. اغوا کنندہ ۔

kidney, n. گُردہ ؛ انسانی جسم میں پائے جانے والے دو غدُود نُما اعضا میں سے کوئی ایک ، جو لمبائی میں کوئی چار انچ پیٹ کے پچھلے حصّے کے جوف میں ہوتا ہے اور پیشاب کو خارج کرتا ہے ؛اسی طرح کا عضُو جو دوسرے ریڑھ کی ہڈی رکھنے والے جانوروں میں پایا جاتا ہے یااسی عمل کا عضو جو بے ریڑھ جانوروں میں ہوتا ہے ؛ جانوروں کا گُردہ جو انسان بطور غذا استعمال کرتے ہیں ۔ (مجازاً) ساخت یا مزاج ؛ طینت ؛ سَرشت ؛ طبیعت ۔

floating kidney, (امراضیات) مُتحرّک گُردہ ؛ گُردہ جو شکم میں اپنی جگہ سے ہٹ گیا ہو۔

kidneylike, a. گردہ کی طرح ؛ گردہ نُما ؛ گُردے کی شکل کا ۔

kidney bean, n. لوبیا ؛ باقلا ، عام پھلی دار پودا سُرخ لوبیا (Phaseolus vulgaris) یا اس کے گُردے کی شکل کے بیج ؛ فرانسیسی سیم ؛ لوبیے کی پھلی ۔

kidskin, n. بکری کے بچّے کی کھال سے کمایا گیا چمڑا ۔ (صفت) بکری کے بچّے کی کھال کی طرح ۔

kier, n. کپڑے دھونے یا رنگنے کے لیے استعمال ہونے والی دیگ یا اس طرح کا بڑا برتن ۔

kiesulguhr, n. چقماق مٹّی ؛ باریک سلیکا مٹّی جس میں ڈیاٹم کے اجزا شامل ہوتے ہیں ، جاذب ہونے یا بطور پالش پوڈر تجارت میں قیمتی حیثیت کی حامل ؛دیاطم مٹّی ؛ طرابلسی پتھر۔

kif, n. دیکھیے : kef ۔

kilderkin, n. شراب کا پیپا ؛ ایک پیپا یا مٹکا جس میں آدھا بیرل (۱۶/۱۷ گیلن) سما سکے ؛ اس مقدار کی پیمایش کا پیمانہ ؛ کِلڈر کِن ؛ چھوٹا پیپا۔

kill, v.t. قتل کرنا ؛ مارنا ؛ کسی بھی طریقے سے زندگی سے محرُوم کرنا ؛ موت کا سبب بننا ؛ ہلاک کرنا ؛ ذبح کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ ختم کرنا جیسے آواز ختم کرنا ؛ شکست دینا ؛ نامنظُور کرنا جیسے کسی قانونی بِل کو ۔ (طباعت) کاٹنا ؛ قلم زد کرنا ؛ مِٹانا جیسے لفظ ، پیراگراف یا کسی حصّے کو ؛ کسی چیز کے خواص کو بے کار یا بے اثر کرنا ، جیسے کاشتکاری میں زمین کو ناکارہ کرنا ؛ روک دینا جیسے انجن کو روکنا یا بند کرنا ؛ بند کرنا جیسے برقی رو کا ؛ بے اثر کرنا ؛ زائل کرنا ؛ ضائع کرنا جیسے وقت کو ؛ انتہائی حد تک تھکا دینا ۔ (کھیل) پُوری قُوّت سے ضرب لگانا جیسے گیند کو ۔ (عوامی) مکمّل غلبہ پانا یا ناقابل مزاحمت قُوّت کے ساتھ غالب آ جانا جیسے مزاحیہ باتیں یا لطیفے ؛ کُلّی طور پر کھا پی جانا جیسے کوئی مشروب ۔(فعل لازم) موت کا سبب یا باعث بننا ؛ قتل کا ارتکاب کرنا ؛ قاتل بننا ۔ (اخبار) خبر کی اشاعت روک یا دبا دینا ۔

kill, n. قتل ؛ شکار ؛ ہلاک کیا ہُوا جانور جیسے شکاری یا درندے کا مارا ہُوا ۔

kill, n. ندی ؛ دریا کی شاخ ؛ نالی ؛ جُوئے آب خصوصاً کسی جگہ کے نام کے جُزو کے طور پر استعمال ہوتا ہے (جیسے : Catskill) ۔

killdeer, killdee, killdeer plover, n. جنگلی زرقاز ؛ ایک پرندہ ؛ کھیتوں یا چراگاہوں میں پایا جانے والا پرندہ جس کے سینے پر دو دھاریاں ہوتی ہیں اور دُم کا رنگ نارنجی اور مخصوص آواز (کِل ڈی) ہوتی ہے ۔

killer, n. قاتل ؛ زندگی سے محروم کر دینے والا شخص یا چیز ؛ موت کے گھاٹ اُتار دینے والا شخص یا جانور ۔ (عوامی) پُختہ اثر ڈالنے والا شخص یا چیز۔

killer whale, n. درندہ وھیل ؛ شمالی سمندروں میں پائی جانے والی ڈولفن نُما وھیل مچھلی ۔

killick, killock, n. لنگر ؛ لنگرچہ ؛ کشتی باندھنے کے لیے چھوٹا لنگر یا بوجھ ، بعض اوقات لکڑیوں سے بندھے ہوئے پتھر پر مشتمل ہوتا ہے ؛ لنگر سنگی ؛ چھوٹا لنگر ۔

killifish, n. سائپرونو (Cyprinodontidae) خاندان کی مختلف مچھلیوں میں سے کوئی ایک خصوصاً فنڈلس (Fundulus) جنس جو شُمالی امریکا کی خلیجوں ، ندیوں اور دریاؤں میں پائی جاتی ہے ۔

killing, n. قتل ؛ قتل کرنے یا مارنے کا فعل ۔ (مجازاً) غیر معمولی منافع ۔ (صفت) قتل سے متعلّق (جیسے : a killing frost) ۔ (عوامی) بہت زیادہ دلچسپ ؛ نہایت عُمدہ تفریح ۔

killingly, adv. قاتلانہ ۔

kill-joy, n. ناپسندیدہ آدمی ؛ دُوسروں کی خوشی کو برباد کرنے والا شخص ؛ رنگ میں بھنگ ڈالنے والا ؛ عیش خراب کرنے والا آدمی ۔

kiln, n. بھٹّا ؛ آوا ؛ پژاوہ ؛ گلخن ؛ چیزوں کو پکانے ، خُشک کرنے یا جلانے والی بھٹّی جیسے اینٹیں ، برتن ، چونا ، سیمنٹ ؛ تنُور ؛ بھاڑ ؛ چونے کا بھاٹ ؛ بھٹی ۔ (فعل متعدی) بھٹّے میں پکانا ۔

kilo, n. کلو ؛ ایک کلو گرام ؛ ایک کلومیٹر؛ حرف K کے لیے مصدقہ ابلاغیاتی اشارہ (لفظ) ؛ (سابقہ) ہزار۔

kilocalorie, n. (طبیعیات) کِلو کیلوری ؛ کیلو حرارہ ؛ ایک ہزار گرام حراروں کے برابر ایک بڑا حرارہ ۔دیکھیے : calorie ۔

kilocycle, n. ہزار چکّر ؛ ریڈیو میں ایک سیکنڈ میں ایک ہزار چکّر ؛ کلو سائیکل ۔ مخفف : kc ۔

kilogram, kilogramme, n. کلوگرام ؛ اعشاری نظام میں کمیّت اور وزن کا پیمانہ جو ۱۰۰۰ گرام یا ۲٫۲۰۴۶ پونڈ وزن کے برطانوی پیمانےکے برابر ہوتا ہے ۔

kilogram-meter, n. کلوگرام میٹر ؛ کام یا مِقدار کا پیمانہ یا اکائی یا ایک کلوگرام کو ایک میٹر اُٹھانے کے لیے طاقت کی مقدار ، (وزن) قریباً ۷٫۲۳ فٹ پونڈ ۔

kilohertz, n. کلو ہرٹز ؛ ہزار چکّر فی سیکنڈ کے تعدُّد کے مساوی اکائی ، جسے پہلے کِلو سائیکل کہا جاتا تھا ۔

kiloliter, Brit. kilolitre, n. کلو لِٹر ۔

kilometer, Brit. kilometre, کِلو میٹر ۔

kiloparsec, n. (فلکیات) کلو پارسک ؛ ایک ہزار پارسک مُخفّف : kpc ۔

kiloton, n. کِلو ٹن ؛ ایک ہزار ٹن ؛ ایک ہزار ٹن ٹی این ٹی کی دھماکا خیز قُوّت ۔

kilovar, n. (برق) کِلو وار ؛ ایک ہزار کلو وارز (volt-ampere-reactive) ایک کلوووِلٹ ایمپیئر میں طاقت کا ایک یونٹ/اکائی جو کسی ردعمل کے فعل سے پیدا ہوتی

ہے ۔ مخفّف : kVAr ۔

kilovolt, n. (برق) کلو وولٹ ؛
برقی حرکی قوّت کا یُونٹ/اکائی جس کی مقدار ایک ہزار وولٹ ہوتی ہے ۔مخفّف : KV,kv ۔

kilovolt-ampere, n. (برق) کلوولٹ ایمپیئر ؛ ایک ہزار وولٹ ایمپیئر کے برابر قوّت کا ایک یونٹ/اکائی ۔ مخفّف : KVA, kva ۔

kilowatt, n. (برق) کلو واٹ ؛ ایک ہزار واٹ یا ۱۳۴ء۱ اسپی قوّت کے مساوی ۔

kilowatt-hour, n. (برق) کلو واٹ گھنٹہ ۔
صرف کردہ یا منتقل کردہ یُونٹ جو ایک کِلو واٹ کے ایک گھنٹہ کام کے برابر ہے ؛ کلو واٹ ساعت ۔

kilt, n. گھاگھرا ؛ گھگرا ؛ کِلٹ ؛ گھٹنوں تک لمبا چُنّٹوں والا اسکرٹ/لہنگا عموماً ٹارٹن کپڑے کا بنا ہُوا ، جواسکاٹ لینڈ کے کوہستانی علاقے کا قومی لباس سمجھا جاتا ہے اور جسے بالعموم برطانوی فوج کے اسکاٹ لینڈ والے دستے پہنتے ہیں ۔

kilter,kelter, n. (بول چال) اچھی حالت ؛ مُرتّب صورت ؛ ترتیب (جیسے : to be out of kilter) ۔

kiltie, kilty, n. کلٹائی ؛ کِلٹ پہننے والا شخص؛ کِلٹ لباس میں کوہستانی سپاہی ؛ گھاگھرے والا ؛ اسکاٹ لینڈ کا پہاڑی سپاہی ۔

kimono, n. [جاپانی] کِمونو ؛ کھلی آستین اور کمربند والا ڈھیلا ڈھالالباس،چوغہ کی طرح کا جسے جاپانی مرد اور عورتیں دونوں پہنتے ہیں ؛ عورتوں کا گاؤن یا چوغہ ؛ جاپانی چوغہ یا لبادہ ؛ شب خوابی کا لبادہ یا چوغہ ۔

kin, n. خاندان؛ رشتہ دار ؛ اقارب ، قرابت دار ؛ بھائی بند ؛ اعزّہ و اقارب ۔ (صفت) متعلّق ؛ مشابہ ؛ ناطے دار ؛ عزیز ؛ رشتے دار ؛ قرابتی ۔

kinaesthesia, kinaesthsis, n. حسِّ حرکتِ عظمہ ؛ حسِ حرکت ؛ حسّ حرکت عُضلہ ۔

kinaesthetic, a. حسِ حرکت سے متعلّق ۔

kinase, n. (حیاتی کیمیا) عامل کار خمیر ؛
ایک مادّہ جو خمیر زا مادہ (zymogen) کو خامرہ (enzyme) میں بدل سکتا ہے ۔

kind, n. فطرت یا ممیّز کردار ؛ مخصوص نوع یا قسم ۔

in kind, مخصوص جنس یا شے میں (جیسے : to make payment in kind) ۔

kind of, (بول چال) رواجاً ؛ کسی حد تک ؛ کسی قدر (جیسے : The room was kind of dark) ۔

of a kind, اس جنس یا نوع سے متعلّق ؛ یکساں (جیسے : two of a kind) ۔

kind, a. مہربان ؛ شفیق ؛ نیک فطرت ؛
اچھے مزاج والا جیسے شفیق اُستاد ؛ نرم دل ؛ دوسروں کو خوش کرنے یا فائدہ پہنچانے کے لیے نرم خُو ؛ لطف و عنایت والے (الفاظ و اعمال) ؛ مدد گار ؛ دوستانہ ، پرتپاک یا خوش گوار (الفاظ ، القاب و آداب) ؛ موزوں یا حق میں (جیسے : the kind wind) ؛ نیک ؛ بامُروت ؛ مُحبّت والا ؛ موافق ؛ رحیم؛ کریم ؛ رحمدل ؛ مُشفِق ۔

kindergarten, n. کنڈرگارٹن ؛ گُلزارِ اطفال ؛ بُستانِ اطفال ؛
بچّوں کا باغ ؛ پرائمری سے قبل درجے کااسکول جہاں ایسے کھیلوں اور مشغلوں کے ذریعے بچّوں کی ذہنی ، معاشرتی اور جسمانی نشوونُما کا اہتمام کیا جاتا ہے کہ وہ زندگی میں برسرعمل ہونے میں اپنے فطری رُجحانات سے کام لے سکیں ؛ چھوٹے بچّوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں وغیرہ سے تعلیم دی جاتی ہے ۔

kindergartner, n. کنڈرگارٹنر ۔

kindhearted, a. رحم دل ؛ مہربان خصلت ؛ نرم خو ؛ شفیق ؛ فیّاض ؛ بامُروت ۔

kindheartedly, adv. رحمدلی سے؛ فیاضی سے ؛ مہربانی سے ؛ تلطُّف سے ۔

kindheartedness, n. رحمدلی ؛ فیاضی ؛ مہربانی ؛ شفقت ؛ مروت ؛ تلطُّف ۔

kindle, v.t. سُلگانا ؛ مشعل یا موم بتی جلانا ؛ روشن کرنا ؛ آگ دکھانا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ مشتعل کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ جوش دلانا ، جیسے جذبات کو ؛ چمکانا ؛ دمکانا ؛ دہکانا ۔ (فعل لازم) جل اُٹھنا ؛ آگ پکڑنا ؛ روشن ہو جانا ؛ سلگنا ؛ چمک اٹھنا ؛ جی اٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ جوش میں آنا ؛ تمتمانا ؛ چمکنا ؛ دمکنا ؛ دہکنا ؛ جھرجھری لینا؛ بھڑک اٹھنا؛ تیز ہو جانا ؛ آگ لگنا ؛ جوش میں بھرنا ؛ خفا ہونا ؛ غُصّے ہونا ؛ ہیجان پیدا ہونا ؛ جل اُٹھنا ۔

kindless, a. (شاعری) ظالِم ؛ بے درد ؛ بے رحم ، نامہربان ۔

kindlessly, adv. بے رحمی سے ؛ بے دردی سے ۔

kindling, n. آگ جلانے کا سامان جیسے خُشک لکڑی کی چھپٹیاں وغیرہ ؛ آگ جلانے والے کا عمل ؛ سُلگاؤ ۔

kindly, adv. مہربانی سے؛ گرم جوشی سے ۔ (صفت) مہربان ؛ نیک خو ؛ ہمدرد ؛ گرم جوش ؛ خیرخواہ ۔

kindliness, n. مہربانی ؛ ہمدردی ۔

kindness, n. مہربانی ؛ دردمندی ؛ رحمدِلی ؛ ہمدردی ؛ شفقت ؛ عنایت ؛ کرم ؛ لُطف ؛ نوازش ؛ مُروّت ؛ فضل ؛ بخشش ؛ فیّاضی ؛ لُطف و عنایت ؛ رحم ۔

kindered, n. خُونی یا ازدواجی رشتہ دار ؛ برادری ؛ قرابت داری ؛ عزیز داری ؛ رِشتہ ناتا ؛ قرابت ؛ رشتہ ؛ سمبندھ ؛ ناتا ؛ اپنائیت ؛ خویش ؛ اقارب ۔ (صفت) حسب و نسب یا ماخذ ؛ قرابتی ؛ ہم نوع ؛ ہم جنس ؛ ہم ذوق ؛ ہم مسلک ۔

kinematics, n. (طبیعیات) حرکیات مجرّدہ ؛ حرکیاتی عِلم کا وُہ شُعبہ جس میں حرکت کے مسئلے پر اس کے محرکات کے حوالے کے بغیر بحث ہوتی ہے ۔

kinematic, kinematical, a. حرکت مجرّدہ سے متعلّق ؛ حرکیات مجرد کا ؛ حرک ہندسی ؛ حرکی ۔

kinematically, adv. حرکیاتی رُو سے ؛ حرکِ ہندسی انداز میں ؛ حرکی انداز میں ۔

kinescope, n. حرکت بین ؛ حرک نُما ؛ ٹیلی وژن میں آواز سنائی دینے والے آلے میں استعمال ہونے والی کیتھوڈرے ٹیوب جس کے ایک طرف فلوری سینٹ اسکرین ہوتی ہے جس پر برقیاتی شُعاعوں سے شکلیں بنتی ہیں ؛ ٹی وی پروگرام سے بنائی گئی فلم ۔ (فعل متعدی) فلم پر ٹی وی پروگرام کی طرح ریکارڈ کرنا ۔

kinesics, n. حرکت شناسی ؛ آواز کے بغیر جسمانی حرکت

اور اطلاع دہی/اطلاع رسانی کے درمیان تعلّق کا مطالعہ ۔

kinesic, a.
حرکت شناسی سے متعلّق ۔

kinesically, adv.
حرکت شناسی کے انداز میں ۔

kinesiology, n.
حرکتی فعلیات ؛ انسانی حرکت کے حوالے سے جسمانی ساخت یعنی تشریح الاعضا اور عضوی ساخت/عمل کا عِلم ۔

kinesthesia, kinesthesis, n.
حسّ عضلاتی ؛ عُضلاتی کوشش یا حرکت کا احساس ۔

kinesthetic, a.
عضلاتی حِس سے متعلّق ۔

kinetic, a.
حرکت کا ؛ حرکی ؛ مُتحرّک ۔

kinetic energy,
حرکتی توانائی ؛ حرکی توانائی ؛ توانائی بالفعل ؛ فعلیاتی توانائی ۔

kinetic art, n.
حرکیاتی آرٹ ؛ جدید مجرّد مُصوّری کی وہ قسم جس میں احساسِ حرکت اُبھارا یا پیش کیا جاتا ہے ۔

kinetics, n.
حرکیات ؛ عِلمُ الحرکت کا وہ شعبہ جو ان قوّتوں سے تعلّق رکھتا ہے ، جو مادّے میں حرکت پیدا کرتی ہیں یا حرکت تبدیل کرتی ہیں ۔

kinetic theory, n.
نظریہ حرکت ؛ یہ نظریہ کہ مادّہ باریک ذرات سے بنا ہوا ہے ، جو متواتر بے ضابطہ حرکت کرتے رہتے ہیں ؛ کسی خاص جسم کا درجۂ حرارت جو ان جوہروں اور سالمات کی حرکتی توانائی کی اوسط کے براہ راست عمل کا نتیجہ ہوتا ہے ۔

kinetoscope, n.
حرکت نُما ؛ متحرک تصویر کی وہ ابتدائی صورت ، جس میں تصاویر کا ایک سلسلہ ایک سوراخ کے نیچے سے تیزی سے گزرتا تھا تاکہ براہ راست دیکھا جا سکے ۔

kinetoscopic, a.
حرکت نُمایانہ ۔

kinfolk, kinsfolk, kinfolks, n.
خاندان ؛ رشتہ دار ؛ قرابت دار ۔

king, n.
بادشاہ ؛ شاہ ؛ قوم ، قبیلہ ، ملک کا مذّکر مقتدراعلیٰ ؛ حکمران ؛ اپنے دائرہ کار میں کامیاب ترین یا نمایاں حیثیت کا حامل جیسے شاہِ جنگل ؛ بادشاہ کی تصویر والا تاش کا پتّا ؛ شطرنج میں (بادشاہ) مہرہ ؛ چیکرز کھیل میں تاج والا شخص ۔ (بڑے K سے) خُدا ؛ عیسائیت میں عیسیٰ علیہ السّلام ۔ (بڑے K سے) (جمع لیکن ساخت میں واحد) عہدنامۂ عتیق میں حضرت داؤد علیہ السلام کے بعد یہودی حکمرانوں سے متعلّق دو کتابوں کا عنوان (کتاب سلاطین) ؛ شہ ؛ بڑا ؛ عظیم ۔

kinglike, a.
بادشاہ کی طرح ؛ شاہانہ ؛ ملوکانہ ؛ بادشاہانہ ۔

kingbird, n.
ایک قسم کا پیلو ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا پرندہ جو کیڑے مکوڑے کھانے والے پرندوں کی نسل میں شُمار ہوتا ہے ؛ امریکا کا مکھّی مار پرندہ ؛ مگس گِیر ؛ مگسیر ؛ پیلو ۔

kingbolt, kingpin, n.
بڑا بولٹ ؛ بڑی چٹخنی ؛ گاڑی (سواری) کو آگے کسی دھرے سے جوڑنے کے لیے عمُودی کھونٹا یا گاڑی کے ڈبے کو جوڑنے والا کھونٹا ؛ بڑی بلّی یا چٹخنی ۔

King Charles spaniel, n.
کھلونا ؛ ایک چھوٹے کالے اور بُھورے رنگ والا کُتّے کی شکل کا کھلونا جو انگلستان کے بادشاہ چارلس دُوئم کی وجہ سے مقبول ہُوا ۔

king crab, n.
شاہ سرطان ؛ گھوڑے کی نعل کی شکل کا کیکڑا ؛ بیرا لتھوڈ (Paralithodes) نسل کے بڑے خوردنی کیکڑے کی کوئی قسم ؛ نعلی سرطان ۔

kingcraft, n.
فنِ سُلطانی ؛ بادشاہ وقت کا فنِ حکمرانی ؛ بادشاہ کے استعمال/اختیار کردہ طریقے ؛ پیشۂ بادشاہی ؛ فنِ حکُومت ؛ پادشاہی فطرت ۔

kingcup, n.
(زیادہ تر برطانوی) گُلِ صدبرگ ؛ دلدلی گیندا ؛ عام پیالہ نُما پُھول کے پودے کی قسم ؛ دلدلی صدبرگ ؛ گیندا ؛ گُل ساغری ؛ گُلِ لالہ ؛ گُل آلالہ ۔

kindom, n.
مُملکت ؛ سلطنت ؛ بادشاہ کے زیر حکُمرانی مُلک یا علاقہ ؛ بادشاہ کا علاقہ ، عام مفہوم میں ملک ، علاقہ ؛ راجدھانی ؛ قلمرو ؛ طبقہ ؛ جگہ ؛ دائرۂ حکومت ۔ (اکثر بڑےK سے) حلقۂ الوہیت ؛ خدا کا الوہی حلقہ یا خدائی اثر کا دائرہ ۔ (تاریخ فطرت) قُدرتی اشیا کی تقسیم شدہ تین اقسام میں سے کوئی ایک عالَم جیسے عالَمِ حیوانات ، عالَمِ نباتات ، عالَمِ جمادات ۔

kingdomless, a.
بے مُملکت ؛ بے مُلک ؛ ملک کے بغیر (فرمانروا) ۔

kingfish, n.
شاہ مچھلی ؛ موم ماہی (Menticirrhus) نسل کی خاص امریکی مچھلی ؛ ساحلِ بحراوقیانوس کی خوردنی مچھلی ؛ موم ماہی ۔ (بول چال) وہ شخص جس کی قیادت اور اختیار مسلّمہ ہو ۔

kingfisher, n.
رام چڑیا ؛ ماہی خور (Alcedinidae) نسل کے شوخ رنگ اور چوٹی دار پرندوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ؛ دنیا بھر میں پایا جانے والا چھوٹی دُم ، لمبی مضبوط چونچ والا ماہی خور اور کِرم خور پرندہ ؛ چلق ؛ ابوالرقص ۔

King James Version, King James Bible, n.
کنگ جیمز بائیبل ؛ انگلستان کے حکمران جیمز اوّل کا مُصدّقہ انجیل کا انگریزی ترجمہ جو ۱۶۱۱ء میں شائع ہوا ۔

kinglet, n.
زریں (Regulus) نسل کے مختلف چھوٹے پرندوں کی کوئی قسم ، جو چھچہانے والی چڑیا سے مشابہت رکھتی ہے خصوصاً سُنہری یا سُرخ کلغی والی چڑیا ۔ (مجازاً) کمزور بادشاہ ؛ غیر اہم شخص ؛ بے وَقعت ۔

kingly, a.
شاہانہ ؛ شاہی ؛ بادشاہی ؛ بادشاہ یا بادشاہوں سے متعلّق ؛ شہنشاہی ؛ بادشاہ کے شایان شان ؛ جلیل القدر ؛ عالی شان ؛ ملوکانہ ۔ (متعلّق فعل) شاہی انداز جیسے بادشاہ کے شایان شان ؛ شاہانہ انداز سے ۔

kingliness, n.
شاہانہ انداز ؛ شان بادشاہت ؛ شانِ بادشاہی ؛ دبدبۂ بادشاہ ؛ دبدبۂ شہنشاہیت ۔

kingmaker, n.
بادشاہ ساز ؛ بادشاہ گر ؛ ایسی شخصیت جو اتنا اثر رکھتی ہو کہ کسی کو مسند اقتدار پر بٹھا سکے ۔

kingmaking, n.
بادشاہ گری ؛ بادشاہ سازی ۔

kingpin, n.
(باؤلنگ) بڑی پن ؛ پن نمبر ۵ یا بڑی پن ؛ بڑا کھونٹا ؛ کار کی ٹائی راڈ کی بڑی پن ۔ (عوامی) قائد یا سردار ۔

king post, n.
(نجّاری) بڑا ستون ؛ تکونی چھت کے بڑے شہتیر کے نیچے عمُودی ستون ؛ بیل پایہ ؛ سیدھا کھمبا ؛ شہتیر ؛ راج کھم ۔

King's Counsel, n.
(برطانوی قانون) شاہی مُشیر قانون ؛ بادشاہ کے مشیر کے طور پر مقرّر کیے جانے والا ممتاز ماہر قانون ۔

king's English, queen's English, n.
شاہی انگریزی ؛ معیاری انگریزی ؛ انگریزی کا وہ محاورہ جسے دُرست معیاری یا

خالص زبان سمجھا جائے ؛ عُمدہ انگریزی ۔

king's evil, n. (امراضیات) کنٹھمالا ؛ خنازیر ؛ اورنگ زیبی ؛ مغلئی پھوڑا ۔

kingship, n. بادشاہت ؛ رتبہ شاہی ؛ تاج داری؛ راج؛ عُہدہ یا بادشاہ کی شان و شوکت اور وقار ؛ حکومت ۔ (بڑے K سے) بادشاہ کا ذاتی لقب/خطاب جس سے پہلے اس کا یا جہاں پناہ آپ ، حضور وغیرہ کا اضافہ ہوتا ہے (جیسے His Kingship, your Kingship) ۔

king-size, king-sized, a. غیر معمُولی بڑا ؛ معیاری پیمانے سے بڑا ؛ معمول سے زیادہ بڑا یا بڑی چیز ۔

king snake, n. (حیوانیات) بڑا سانپ ؛ ایک خاص بے زہر بڑا سانپ ؛ بڑے بڑے بے ضرر (غیر زہریلے) سانپوں کی کوئی قسم ؛ Lam-propeltis کی قسم کا چوہے کھانے والا ،جنوبی ریاست ہائے امریکا میں پایا جانے والا سانپ ۔

king truss, n. پیل پایہ ؛ ایسی چھت جس کے نیچے تین بڑے سُتون لگے ہوں ؛ راج کھم قینچی ۔

kingwood, n. برازیلی شیشم ؛ عنابی دھاریوں والی برازیلی لکڑی جو چھوٹی الماریاں بنانے کے کام آتی ہے ؛ وہ درخت جس سے یہ لکڑی حاصل ہوتی ہے (جنس شیشم ,Dalbergia cearensis) ۔

kink, n. پیچ ؛ بَل ، تار ، زنجیر یا رسی ، دھاگے یا بالوں میں بَل بیچ ؛ گُتھی ؛ ذہنی خبط یا الجھاؤ ؛ خلل دماغ ؛ پٹھوں کی اینٹھن یا سخت کھانسی ؛ انوکھا خیال ؛ وہم ؛ اعصابی تناؤ ؛ کسی چیز کی کامیاب کارکردگی میں خلل ڈالنے والی خامی جیسے کسی منصوبے یا مشین میں ۔ (فعل متعدی) نقص پیدا کرنا ؛ گتھی ڈالنا ؛ الٹا بل پڑنا ؛ گتھی پڑنا ؛ بل ڈالنا ۔ (فعل لازم) بل دار یا پیچدار ہونا ۔

kinky, a. پیچدار ؛ خمدار ؛ پُرپیچ ؛ الجھا ہُوا ؛ گُتھی والا ؛ اُلجھن آمیز ؛ گتھی دار ؛ خلل دماغ والا ۔

kinkajou, honey bear, n. قنکاج ؛ خرسک ؛ خرسِ ہندی ؛ گوشت خور جانور (potos caudivolvulus)؛ میکسیکو اور جنوبی امریکا میں رات کو نکل کر درختوں پر چڑھنے والا جانور ؛ راکون (racoon) کی قسم کا ریچھ ۔

kinnikinnick, kinnikinic, n. برگِ سماق ؛ شمالی امریکا کے انڈین کا تمباکو نوشی کے لیے استعمال ہونے والا آمیزہ جو خُشک پتّوں ، چھال اور کبھی کبھار تمباکو پر مشتمل ہوتا ہے ؛ اس مقصد کے لیے استعمال ہونے والے پودوں میں سے کوئی (جیسے the kinnikinnick : sumac and dogwood و Cornus amomum) ۔

kino gum, kino, n. (نباتیات) خُشک رال/لاکھ/بیروزہ جو گرم خطّوں کے ان درختوں سے جو پٹرا کارپس ، بوٹیا اور یوکلپٹس کی اقسام سے تعلّق رکھتے ہیں ، حاصل ہوتا ہے اور گلے کی دواؤں میں اور دباغت میں استعمال ہوتا ہے ؛ خون سیاوشاں ؛ ہیرا دکھنّی ؛ کتھا نُما گوند ۔

kinsfolk, n. اعزہ و اقربا ؛ قریبی رشتے دار ؛ بھائی بند ؛ قرابتی ۔نیز دیکھیے : Kinfolk ۔

kinship, n. رشتہ داری ؛ قرابت ؛ خاندانی تعلّق یا رشتہ ؛ اشتراکِ خون ۔

kinsman, n. (مرد) رشتہ دار ؛ عزیز ؛ خُون کا رشتہ رکھنے والا ، خصوصاً مرد رشتے دار ؛ ناتے دار ؛ رشتے دار ؛ گوتی ؛ عزیز ؛ قرابتی ؛ بھائی بند ۔

kinswoman, n. (عورت) رشتہ دار ؛ عزیز عورت ؛ رشتہ دار عورت ؛ خاتُون رشتہ دار ۔

kiosk, n. کوشک ؛ گرمائی گھر ؛ ایک قسم کا کُھلا خیمہ یا گرمائی گھر جس کا ترکی اور ایران میں رواج ہے اور بعض دوسرے ملکوں میں اس کی پیروی کی جاتی ہے ؛ اسی طرح کا اخبارات اور بینڈ کے لیے مچان یااسٹینڈ؛ کھوکھا ؛ ٹھاٹھرا ۔

kip, n. کپ (قُوّت کی اکائی) ؛ چھوٹے یا کم عمر جانور کی ، کھال ؛ ایسی کھالوں کا بنڈل یا گٹھا ۔ (تجارت) ایک ہزار پاونڈ کے برابر بوجھ کا پیمانہ جو بحری جہاز کے کرایہ کے شمار کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

kipper, n. کپر؛ نر سالمن مچھلی ؛ ایک ہیرنگ اور سالمن مچھلی جسے دھواں دے کر خُشک کیا گیا ہو ؛ نر سالمن مچھلی انڈے دینے کے موسم میں یا اس کے بعد ؛ ہیرنگ مچھلی ۔ (فعل متعدی) (مچھلی کے متعلق) چاک کر کے صفائی کرنا ؛ نمک لگانا اور دُھواں دے کر خشک کر کے محفوظ کر لینا ۔

kirk, n. چرچ ؛ کلیسا ۔ (بڑےK سے) اسکاٹ لینڈ کا کلیسا ؛ پریسبیٹرین عقیدے والوں کا کلیسا جو اسکاٹ لینڈ کے پادریوں کے تحت قائم کلیسا اور چرچ آف انگلینڈ یا برطانوی کلیسا سے الگ اور ان کے مخالف حیثیّت رکھتا ہے ۔

Kirman, Kirmanshah, Kermanshah, Kirmanshaw, n. کرمانشاہی غالیچہ ؛ پھولدار اور مدھم رنگ والے ایرانی غالیچہ کی ایک قسم ۔

kirmess, n. دیکھیے : Kermis ۔

kirsch, kirsch waser, n. کِرش ؛ برانڈی جو کالی چیری/گیلاس کے رس کو خمیر کر کے کشید کی جاتی ہے ۔

kirtle, n. (قدیم) قرتل ؛ عورتوں کا چوغہ یا سایہ ؛ گھاگرا ؛لہنگا؛ مرد کا کوٹ یا جیکٹ ؛ جامہ ؛ لبادہ ؛ چوغہ ؛ پِشواز ؛ فرغل ۔

kirtled, a. قرتل کی طرح کا ؛ قرتلی ؛ فرغل دار ؛ فرغل پوش ۔

kismet, n. قسمت ؛ اردو میں تقدیر اور مقدر کے لیے مروجّہ لفظ ؛ نقیب یا نصیب ؛ مقسُوم ۔

kiss, v.t., v.i. بوسہ لینا ؛ پیار کرنا ؛ چُومنا ؛ ہونٹوں سے چُھونا ؛ احترام کے طور پر یا محبت کے اظہار کے لیے ؛ ہلکا مَس کرنا یا چھونا (جیسے The leaf kissed the window pane) ۔ (اسم) بوسہ ؛ پپّی ؛ چُوما ؛ پیار ؛ مختلف جذبات و مقاصد کے پیش نظر مُختلف انداز میں ہونٹوں کا مَس یا چمکار ؛ ایک قسم کا میٹھا مُرکّب عموماً ایک نوالہ کے برابر ۔

kissoff, (عوامی) رد کرنا ؛ فارغ کر کے بھیج دینا ۔

kiss able, a. پیار کے لائق ؛ پیارا ؛ چومنے کے قابل ؛ بوسے کے قابل ؛ قابلِ بوسہ ۔

kisser, n. بوسہ لینے والا ؛ چومنے والا ۔ (عوامی) چہرہ خُصُوصاً مُنھ ۔

kissing bug, n. (حیوانیات) خون چوسنے والا کیڑا (Reduvius personatus)جو مُنھ اور رخسار پر کاٹے تو درد محسوس ہوتا ہے ۔

kit, n. کِٹ ؛ خاص مقصد کے لیے اوزاروں یا

دوسرے سازوسامان کا مجموعہ یا سیٹ جیسے سامانِ سفر ؛ ابتدائی طبّی امداد کا سامان ؛ تھیلا جس میں یہ چیزیں ہوں یا اشیا اور تھیلا دونوں ؛ جوڑے جانے والے اجزا کا مجموعہ (پرزے) (جیسے : a model train kit)۔ (برطانوی) سازوسامان کا مجموعہ خصوصاً سپاہی کے لیے ؛ لکڑی کاٹب یا بالٹی عموماً گول ؛ سازویراق ؛ وردی ؛ رختِ سفر ؛ اثاثہ ؛ بوریا بستر ؛ مال و اسباب ۔

kit and caboodle, (بول چال) تمام لوگ یا اشیا (جیسے : The whole kit and coboodle went to the dance)۔

kit, n. بلّی کا بچہ ؛ بلُونگڑا ؛ kitten کا اختصار/مخفّف ۔

kit, n. (موسیقی) چکارا ؛ دوتارا ؛ دھیمی آواز والی چھوٹی وائلن/سارنگی جو شروع شروع میں رقص کے استاد تال اور لے کی تعلیم کے لیے استعمال کرتے تھے ؛ سارنگی ۔

kitchen, n. باورچی خانہ ؛ کھانا پکانے کے لیے موزوں جگہ یا کمرہ ؛ باورچی خانہ سے متعلّق حصّہ ؛ مطبخ ؛ رسوئی ۔ (صفت) باورچی خانے سے متعلّق یا وہاں استعمال ہونے والی (جیسے : kitchen knife) ۔

kitchen cabinet, n. کچن الماری ؛ باورچی خانہ کی الماری ؛ لکڑی یا دھات کی چھوٹی الماری اکثر دروازوں یا خانوں کے ساتھ جو کھانا کھانے کے برتن یا خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ غیر سرکاری مشیروں کی مجلس یا جماعت جو سربراہ حکومت پر اثر انداز ہوتی ہو ۔

kitchenette, n. چھوٹا باورچی خانہ ؛ باورچی خانہ کے طور پر استعمال ہونے والی تھوڑی سی جگہ ۔

kitchen garden, n. خانہٴ باغ ؛ پھل اور سبزیوں کا باغ خصوصاً گھریلو استعمال کے لیے ؛ رسوئی باغ ؛ ترکاریوں کا تختہ ؛ باڑی ؛ ترکاری باغ ۔

kitchen gardener, n. رسوئی باغ کا مالی ۔

kitchen midden, n. (بشریات) ہڈّیوں ، گھونگوں اور دُوسری متروک اشیا کا ڈھیر جو قبل از تاریخ انسانی آبادی کی نشاندہی کرے ۔

kitchen police, n. (عسکری)مددگارِ مطبخ ؛ فوجی دستے کے باورچیوں کے معاونِ افراد ۔

kitchen ware, ظروفِ مطبخ ؛ برتن ، فرائی پان ، تھالیاں اور باورچی خانے میں استعمال ہونے والے دوسرے برتن ۔

kite, n. پتنگ ؛ کنکوّا ؛ تُکل ؛ گُڈی ؛ ہلکا چوکھٹا جس پر کاغذ یا کپڑا لگایا گیا ہو اور جسے دھاگے کے ساتھ اڑانے کے لیے بنایا گیا ہو۔(طیوریات) چیل ؛ زغن ؛ جنوبی ریاستہائے متحدّہ امریکا میں پایا جانے والا باز جو نوکدار لمبے پروں کی وجہ سے شاہین کے مشابہ لیکن اڑان اور ہوا میں تیرنے میں مرغابی کے مشابہ ہوتا ہے ۔ (جہاز رانی) جہاز کے بلند ترین اور سب سے ہلکے بادبان ۔ (فعل متعدی) (تجارت) بینک کے فرضی بقایا سے نکلوانا اس اُمید پر کہ کافی رقم جمع کروا دی جائے گی ؛ ناجائز طور پر سٹّہ کی قیمتوں کو زبردستی بڑھانا ؛ جھوٹی ہنڈّی چلانا ؛ روپیہ مارنا ۔

kith, n. (قدیم) دوست اور واقف کار ؛ جان پہچان والا ؛ شناسا ۔

kith and kin. دوست ؛ رشتہ دار اب عموماً صرف رشتہ دار ؛ احباب و اقارب ۔

kithe, kythe, v.t. (اسکاٹ لینڈ) دکھانا یا مشہور کرنا ۔ (فعل لازم) نمودار ہونا یا مشہور ہونا ۔

kitsch, n. جعلی اور نمایشی ادب یا ایسا فن جو عام پسند کا لحاظ کر کے تخلیق کیا گیا ہو اور جس کی فنی حیثیت مشکوک ہو ۔

kitten, n. بلونگڑا ؛ بلّی کا بچّہ ؛ چھوٹی بلّی ؛ نوخیز بلّی ؛ بلوٹا ؛ شوخ ، چلبلی لڑکی ۔ (فعل لازم) بلّی کا بچّہ جننا یا بیانا ۔

have kittens, (عوامی) غُصّہ کا اظہار کرنا ۔

kittenish, a. بلّی کے بچّے کی مانند ، کھیلنے کا شوقین ؛ معصوم کھلنڈرا ؛ شوخ ؛ چلبلی (لڑکی)۔

kittenishly, adv. کھلنڈرے پن سے ؛ شوخی سے ۔

kittenishness, n. کھلنڈرا پن ؛ شوخی ۔

kittiwake, n. ایک قسم کی مرغابی ؛ مُرغابی نما سمندری پرندہ جو نیو جرسی سے قُطبی علاقہ تک میں پایا جاتا ہے اور جو اپنی سیاہ ٹانگوں اور بازوؤں کے سیاہ کناروں کی وجہ سے عام ہیرنگ مرغابی سے مُمتاز ہے ۔

kittle, v.t. (برطانوی ، اسکاٹستانی) گدگدانا ؛ ابھارنا ؛ پریشان کردینا ۔ (صفت) گدگدانے والی یا والا ؛ نازُک ؛ مشکِل ؛ تکلیف دہ ۔

kitty, n. ڈھیر ؛ روپوں یا دُوسری اشیا کی ڈھیری ؛ تاش کے کھیل میں روپے کا ذخیرہ جس میں کھلاڑی کسی خاص مقصد کے لیے پیسے ڈالتے ہیں یا ایک مرتبہ تقسیم کرنے کے بعد باقی ماندہ پتّے ، جنھیں سب سے اُونچی بولی لگانے والا حاصل کرتا ہے ۔ (برطانوی) قید خانہ یا جیل ۔

kitty, n. مانو ؛ بلّی کا بچّہ ؛ بلونگڑا ؛ پالتو بلی کا نام ؛ بلّی کے بچّے کا پیار کا نام ۔

kitty-corner, a., adv. دیکھیے : Catty-corner ۔

kiva, n. کیوا ؛ امریکی انڈینز کا پتھر سے بنایا گیا ایوان/ ہال اکثر جزوی یا کُلّی طور پر زیر زمین/تہ خانہ کی صورت میں ۔

Kiwanis, n. کیوانی ؛ پُورے کینیڈا اور امریکا میں موجودہ مردانہ کلبوں کی ایک رضاکار تنظیم جو کاروباری اور پیشہ ورانہ شعبوں میں اخلاقی معیار کو پروان چڑھانے میں مدد کرتی ہے ۔

Kiwanian, a., n. کوئی ایک کیوانی یا کیوانی کی طرح کا ۔

kiwi, n. کِیوی ؛ کِوی ؛ لنڈورا پرند ؛ نیوزی لینڈ کا پرواز نہ کرسکنے والا پرندہ ؛ بے پر (Apteryx) جنس سے متعلّق ۔ (عوامی) ائرفورس کا زمینی افسر ؛ شاگرد پائلٹ/ہواباز جس نے تنہا پرواز نہ کی ہو ۔

kiwi, n. کیوی ؛ چین کا ایک دیسی پھل جو جسامت میں انڈے کے برابر ہوتا ہے اور جس کا گودا سبز اور شیریں ہوتا ہے ۔

Klan, n. کلان ؛ کوکلس کلان (Ku klux klan) نامی خفیہ تنظیم کی ایک شاخ ۔

Klanism, n. کلانیت

Klansman, n. کوکلس کلان تنظیم کا رُکن ۔

klatch, klatsch, n. کلاچ ؛ چوپال ؛ گپ شپ یا ہلکی پھلکی

بات چیت کے لیے لوگوں کا اجتماع ؛ سماجی اکٹھ ؛ بے فکروں کی ٹولی؛ چنڈال چوکڑی ۔

Kleenex, n. صافی ؛ ایک قسم کا نرم کاغذ جو رُومال کے طور پر ہاتھ یا مُنہ صاف کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے-(تجارتی نام) ۔

kleptomania, cleptomania, n. (نفسیات) جُنونِ سرقه ؛ خبط دُزدی ؛ ایک مرض جس میں کسی معاشی ضرورت کے بغیر آدمی چوری کی خواہش کرتا ہے یا چوری کرتا ہے ۔

kleptomaniac n. مجنون سرقه ؛ جسے چوری کا "اپکا ہو" ؛ جُنُونِ سرقه میں مُبتلا شخص ؛ خَبطی چور ۔

klieg eyes, kleig eyes, n. آشوب چشم ؛ورمِ چشم ؛ تیز روشنی کی وجہ سے آنکھوں سے پانی کا بہاؤ اور آنکھوں کی سوجن و سوزش ۔

klieg light, kleig light, n. ٹیلی وژن اسٹوڈیو اور متحرّک فلموں میں استعمال ہونے والی بہُت تیز روشنی کا قوسی بلب (arc bulb) ۔

klip springer, n. پہاڑی ہرن ؛ بارہ سنگھا ؛ پہاڑی علاقے کا ایک چھوٹا ہوشیار/چاق و چوبند افریقی ہرن ۔

kloof, n. گھاٹی ؛ جنوبی افریقه میں کسی پہاڑ کی گہری دراڑ یا گھاٹی ۔

Klystron, n. (برق) کلائی سٹرون ؛ کلسٹرون ؛ تیز تعدّی امواج زا ؛ بالائے اعلیٰ تعدّد (ultra high frequency) کی پیداوار اور افزایش کے لیے برقی رَو کی لہر کو استعمال کرنے والی برقیاتی ٹیوب-(تجارتی نشان) ۔

knack, n. قابلیت ؛ صلاحیت ؛ رُجحانِ طبع ؛ استِعداد ؛ ہُنر مندی ؛ سلیقه ؛ ڈَھب ؛ چترائی ؛ چالاکی ؛ ہوشیاری ؛ کاری گری ؛ اُستادی ؛ مہارت ۔

knacker, n. (برطانوی) کباڑیا ؛ بیمار یا بیکار گھوڑوں کو خریدنے اور ذبح کرنے والا شخص ؛ پُرانے مکانوں یادوسری عمارتوں کے بیکار عمارتی سامان کو بیچنے والا شخص ؛ کباڑی ۔

knap, v.t. (برطانوی بولی) دانتوں سے توڑنا (لقمه) ؛ توڑ کر علیحده کرنا ؛ چٹخانا ؛ تیزی سے کھٹکھٹانا ۔ (اسم) (برطانوی بولی) مختصر تیز آواز ؛ چٹخ

knapper, n. توڑنے والا ؛ چٹخانے والا ؛ کھٹکھٹانے والا ۔

knap, n. (برطانوی بولی) پہاڑی کی چوٹی ؛ چوٹی ؛ چھوٹی پہاڑی یا ٹِیله ؛ اُبھار ؛ سطح مُرتفع ۔

knapsack, n. سفری تھیلا ؛ مسافروں /سیّاحوں کی پیٹھ پر بندھا ہوا چمڑے کا یا مضبوط کپڑے کا تھیلا خصوصاً فوجی سپاہی یا پیادہ سیّاح کا ، اشیا رکھنے کے لیے استعمال ہونے والا بورا یا تھیلا ؛ بغچه ؛ بوغ بند ؛ پشتاره ؛ جھولا ؛ جھولی ؛ بُقچه ۔

knapweed, Russian knapweed, n. پشتاره جھاڑ ؛ اِقنطوریه جنس کے سدا بہار سبزے کی ایک قسم جس کے سِرے پر عُنابی/گلابی رنگ کے پُھول کھلتے ہیں ، اسے یورپ سے لایا گیا لیکن اب بیشتر امریکی ریاستوں میں مُضِر اور زہریلا سمجھا جاتا ہے ۔

knar, n. ناڑ ؛ لکڑی کی گانٹھ/گرہ ؛ لکڑی کا ابھرا ہوا حصّه ۔

knarred, knarry, a. گره دار ۔

knave, n. [لڑکا ؛ نوجوان یا بیٹا] بدمعاش ؛ بددیانت آدمی یا لڑکا؛ (تاش) غُلام ۔ (قدیم) مرد نوکر یا لڑکا نوکر ؛ مکّار ؛ عیّار ؛ شریر ؛ بے ایمان ؛ دغاباز ؛ جُھوٹا ؛ پاکھنڈی ؛ حیلے باز ۔

knavery, n. بدمعاشی ؛ بد دیانتی ؛ شرارت ؛ دغابازی ؛ حِیلے بازی ؛ فریب دہی ۔

knavish, a. بدمعاش ؛ بدخصلت ؛ شریر ؛ مکّار ؛ حَرّاف ؛ دغاباز ؛ فریبی ۔

knavishly, adv. بدمعاشی سے ؛ شرارت سے ؛ دغا بازی سے ؛ بے ایمانی سے ؛ جُل سے ؛ فریب سے ۔

knavishness, n. بدمعاشی ؛ بدخصلتی ؛ شرارت ۔

knead, v.t. ہاتھوں سے دبا کر ته جما کر اکٹھا کرنا ؛ گوندھنا ؛ مالش کرنا ؛ ملنا ؛ (آٹا گوندھ کر) روٹی پکانا ؛ (مٹّی گوندھ کر) برتن گھڑنا ۔ (مجازاً) مِلانا ؛ آمیخت کرنا ؛ سمونا ؛ ماںڈنا ؛ سانںا ؛ مسلنا ؛ سوندنا ؛ ملنا ؛ اوسننا ؛ پٹھوں کی مالش کرنا ؛ چپّی کرنا ۔

knee, n. (تشریح الاعضا) گھٹنا ؛ ران اور ٹانگ کے نچلے حصّہ کے درمیان جوڑ ؛ ریڑھ کی ہڈّی والے جانوروں میں اس سے مماثل جوڑ ، جیسے پرندے کی ٹانگ میں یا گھوڑے کے پچھلے عُضو میں ؛ کوئی جوڑ جو اس سے مربوط ہو مگر اس سے مماثل نه ہو ، جیسے پرندے کے گھٹنے یا ٹخنے کا جوڑ یا گھوڑے یا گائے کی اگلی ٹانگ میں ہڈّی کا جوڑ ؛ اس جوڑ سے مشابه کوئی چیز خصوصاً جب وہ موڑی ہوئی ہو ، جیسے زاویائی خم والا لکڑی کا ٹکڑا ؛ گھٹنے کی پوشش ؛ رکبه ۔ (فعل متعدی) گھُٹنے کے بل گرانا ؛ ناک رگڑوانا ؛ نیچے گِرانا ؛ اطاعت پر مجبور کرنا ۔

kneed, a. گھُٹنے والا ؛ گھٹنے سے متعلّق ۔

knee action, n. کار یا گاڑی کا مشینی نظام جو اگلے پہیوں میں سے ہر ایک کو الگ الگ عمُودی حرکت دیتا ہے ۔

knee cap, n. گھٹنے کی چپنی ؛ گھُٹنا بند ؛ گھٹنے کے جوڑ کو سامنے سے ڈھانپنے والی حرکت پذیر ہڈّی ؛ گھٹنے کے لیے حفاظتی غلاف خصوصاً گھوڑے کا ؛ رضفه ؛ کاسۂ زانو ؛ چپنی کی ہڈّی ۔

knee-deep, a. گھُٹنوں گھُٹنوں ؛ گھٹنوں تک گہرا ؛ گھٹنے گھٹنے (جیسے The snow lay knee deep (sunk as far as the knees ۔ (مجازاً) گہرا لگاؤ یا تعلّق ۔

knee-high, a. گھُٹنوں گھُٹنوں ؛ گھُٹنوں تک اونچا ۔

kneehole, n. گھُٹنوں کے لیے جگه جیسے میز یا ڈیسک میں ۔

knee jerk, n. (فعلیات) زانو جھٹکا ؛ گھُٹنے کے غلاف والی ہڈّی کی نس پر ضرب لگـانے سے گھُٹنے کی غیر ارادی اور فوری حرکت ؛ گھُٹنا جھٹک ۔

kneel, v.i. گھُٹنے کو جھکانا ؛ عبادت یا احترام میں گھٹنوں کے بل جُھکنا ؛ گھُٹنوں کے بل کھڑا ہونا ؛ گھُٹنوں کے بل ٹیک لگانا ؛ عاجزی و احترام اور اطاعت کے اظہار کے لیے گھُٹنوں کے بل کھڑا ہونا یا جُھکنا ؛ عاجزی یا اطاعت کا اظہار کرنا ؛ گھُٹنوں کے بل بیٹھنا ؛ جُھکنا ۔

kneeler, n. گھُٹنوں کے بل جُھکنے والا ۔

knee pan, n. گھُٹنے کی چپنی ؛ گھٹنے کو ڈھانپنے والی ہڈّی ؛ چپنی کی ہڈّی ؛ رضفه ؛ کُھریا ؛ سرِزانُو ۔

knell, n. ماتمی گھنٹی ؛ ماتمی گھنٹے کی آواز ؛ پیام اجل ؛ موت کی نشانی ۔ (فعل لازم) تباہی ، ناکامی ، جنازہ یا موت کے اعلان کے لیے گھنٹی بجنا ؛ شگون یا خطرے کی علامت ہونا ۔ (فعل متعدی) گھنٹی کی آواز سے بُلانا ؛ گھنٹی بجا کر بلانا ۔

Knesset, n. کنیسا ؛ اسرائیلی پارلیمنٹ ۔

Knickers, knicker bockers, n. نیکر ؛ گھٹنوں سے نیچے سِمٹی ہوئی ڈھیلی برجس ؛ ایک قسم کا جانگیہ ۔

knickknack, n. کِھلونا ؛ معمولی چیز یا کھلونا ؛ سجاوٹی شے ؛ کسی عملی فائدے کی بجائے محض سجاوٹ کے لیے استعمال ہونے والی چھوٹی سی چیز ۔

knife, n. چاقو ؛ چُھری ؛ ایک پتلے پھل پر مشتمل ، چیز کاٹنے کا آلہ ، عموماً دستے کے ساتھ ، تیز دھار لوہے کا بنا ہوا ؛ چاقو نُما ہتھیار ؛ خنجر ؛ چُھری ؛ چھوٹی تلوار یا کٹار ؛ کاٹنے والا پھل جیسے کسی اوزار یا مشین میں ؛ کارد ؛ مشین کی چُھری ؛ چُھرا ۔ (فعل متعدی) چاقو مارنا ؛ چاقو سے کاٹنا یا چُھری گھونپنا ۔ (امریکی،عوامی) چھپ کر وار کرنا ؛ پس پردہ طریقوں سے شکست دینا ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو کاٹ دینا جیسے چاقو یا چُھری سے ۔

knifelike, a. چاقو کی طرح ؛ چاقو جیسا ؛ کارد جیسا ؛ چُھری کا سا ۔

under the knife, a. جس پر عمل جراحی ہو رہا ہو ؛ چھری تلے ۔

knife edge, n. دھار ؛ چاقو کی دھار ؛ دھاری دار کنارا ؛ کوئی بہت تیز چیز ؛ لکڑی یا دھات کا کھونٹا جس پر ترازو یا پنڈولم جُھولتا ہے ۔

knife-edged, a. چاقو کی دھار والا ؛ دھاردار ۔

knife switch, n. (برق) چاقو کھٹکا ؛ بجلی کا بٹن جس میں دھات کی ایک یا زیادہ پتیاں لگی ہوتی ہیں جو دھات کے کلپ کے اندر گھس کر برقی رَو کو بند کر دیتی ہیں ۔

knight, n. نائٹ ؛ مبارز ؛ سردار ؛ جواں مرد ؛ سُورما ؛ سر کا خطاب رکھنے والا ۔ (تاریخ قُرون وُسطیٰ) گُھڑ سوار کے طور پر خدمت گزار لگان دار ؛ مہم جو بانکا جسے خدمت کے عوض کوئی فوجی عہدہ دیا گیا ہو ؛ بہادُر ؛ پہلوان ۔ (برطانوی) بادشاہ کی طرف سے دیا جانے والا غیر موروُثی خطاب یافتہ شخص اور سر کے خطاب والا ؛ بہادُر مہم جُو(شخص) ؛ رُستمِ رزم ؛ مردِ میدان ۔ (شطرنج) اسپ ؛ گھوڑا ؛ فرس ؛ کھیلنے کی گوٹ جو عموماً گھوڑے کی شکل کی ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) نائٹ کا لقب دینا ؛ نائٹ کے رُتبے کا اعزاز دینا ۔

knight-errant, n. مہم جو بانکا ؛ نائٹ ارانٹ ۔ (تاریخ قُرون وُسطیٰ) بہادُری کے جوہر کے مظاہرے کے لیے مہم جوئی پر نکلنے والا نائٹ ؛ خطر پسند ؛ فوجی ؛ مُہم جُو ؛ بہادر ۔

knight-errantry, n. مہم جُوئی ؛ خطر پسندی ۔

knighthood, n. بہادُری ؛ سرداری ؛ نائٹ کی سیرت و کردار ، پیشہ و فن یا رُتبہ و عُہدہ ؛ سر کا خطاب ؛ بہادُر یا سُورما لوگ ۔

knightly, a. بہادُرانہ ؛ نائٹ سے متعلّق ؛ نائٹ کے شایانِ شان ؛ بانکوں کی طرح کا ۔ (متعلّق فعل) نائٹ کے شایان شان طریقے سے ۔

knightliness, n. بہادُری ؛ بیرتا ۔

knit, v.t. بُننا ؛ سلائی سے بُننا ؛ بُننا یا سُوئی کے ساتھ لمبے دھاگے کو حلقے بنا کر اور گرہ لگا کر شکل دینا ؛ ساتھ باندھنا ؛ جوڑ دینا ؛ یکجا کرنا ؛ اکٹھی افزایش کرنا ؛ تہوں یا جھریوں کی صورت میں سکڑنا جسے ماتھے پر ۔ (فعل لازم) سوئیوں کے ساتھ دھاگے یا ریشے کے باہم حلقے بنا کر کپڑا بنانا ؛ مُتحد ہونا ؛ اِکٹھّے اُگنا ، بڑھنا ؛ جُھریوں یا شکلوں کی صورت میں سکڑنا ؛ ساتھ ساتھ بڑھنا یا پروان چڑھنا یا نشوونُما پانا ۔ (اسم) بُنا ہوا کپڑا یا لباس ۔

knitted, a. بُنا ہُوا ۔

knitter, n. بُننے والا ؛ جالی بنانے والا ؛ جالی کاڑھنے والا ۔

knitting, n. بُنائی ؛ بُننے کا طریقہ ، عمل یا بنی ہوئی چیز ۔

knitwear, n. بُنا لباس؛ بُنے ہوئے کپڑے سے بنایا گیا لباس ۔

knob, n. ناب ؛ گُھنڈی ؛ گُومڑی ؛ لٹو ؛ مُٹھیا ؛ مُٹھ ؛ کسی چیز کے کنارے پر لگا ہوا گولا ؛ گرہ ؛ میز یا دروازے کا دستہ ؛ گول شکل کا ، سخت ، آگے نکلا ہوا ٹُکڑا ؛ بیضوی / گول / گیند نُما شکل کا دستہ جیسے دروازے کے لیے ؛ گیند نُما پہاڑی یا ٹیلہ ۔ (فن تعمیر) پھول پتیاں یا بیل بوٹے جو آرایش کے طور پر تراشے یا بنائے گئے ہوں ۔ (فعل لازم) بیضوی / گول شکل میں قریب قریب اُگنا ؛ اکٹھّا ہونا ۔ (فعل متعدی) گھنڈی لگانا ؛ لٹّو لگانا ۔ (معماری) پتھّر تراش کر استعمال کے قابل بنانا ۔

knobbed, a. دستہ یا مٹھیا لگا ہوا ؛ گومڑی دار ؛ گرہ دار ۔

knobby, a. دستہ یا مُٹھیا لگا ہوا ؛ گومڑی دار ؛ گرہ دار ؛ گٹھیلا ۔

knobkerrie, n. چھڑی ؛ چھوٹی مضبُوط لاٹھی یا ڈنڈا جس کے سرے پر دستہ لگا ہو جسے جنوبی افریقہ کے باشندے بطورِ ہتھیار مارنے اور نیزہ پھینکنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

knock, v.i. دستک دینا ؛ کھٹکھٹانا ؛ ڈَھب ڈَھبانا ؛ کسی سخت چیز سے ، اُنگلیوں کی ہڈّی سے یا مُکّہ مار کر آواز پیدا کرنا خصوصاً دروازے ، پھاٹک یا کھڑکی پر ، داخلے کی غرض سے ، توجُّہ مبذول کرانے کے لیے یا اشارہ دینے کے لیے ؛ ضرب لگانا یا زور سے مارنا ؛ ٹکرانا(جیسے :His knees knocked together) ؛ کسی چیز کے ساتھ باہم لگ کر آواز پیدا کرنا جیسے کار کا انجن ۔ (عوامی) تند و تیز تنقید کرنا ؛ لگنا ؛ ٹَکّر کھانا ؛ ہار ماننا ؛ تھکنا ؛ تھک جانا ۔ (فعل متعدی) زور دار ضرب لگانا ؛ گھونسا مارنا ؛ چوٹ لگانا ؛ ٹھونکنا ؛ صدمہ پہنچانا ؛ پیٹنا ؛ دُھننا ؛ کُنڈی کھٹکھٹانا؛ ٹھوکر لگانا؛ مارنا ؛ چوٹ لگانے سے وقوع پذیر ہونا (جیسے : to knock a man senseless) ؛ مارنا جیسے کسی ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ؛ ٹکرا دینا ۔ (عوامی) سخت تنقید کرنا ۔ (برطانوی عوامی) حیرت زدہ کر دینا یا خوشگوار اثر چھوڑنا ۔ (اسم) دستک کا عمل ؛ آواز ؛ ٹکر ؛ دستک جیسے دروازے پر ؛ ضرب یا ضرب کی آواز ؛ دھکّا ۔ (عوامی) بد نیتی پر مبنی تنقید یا مخالفانہ جُملے ۔

knockless, a. بے دستک ؛ بے آواز ۔

knockabout, a. کُھردرا ؛ ان گھڑ ؛ فسادی ؛ غُل غپاڑا کرنے والا ؛ عام استعمال کے قابل ۔ (اسم) عام استعمال کے لیے بنائی گئی کوئی چیز ؛ تھیٹر میں غیر معیاری اداکاری یا اداکار ؛ آوارہ گرد ۔ (جہاز رانی) آسانی سے چلائے جانے والی بادبانی کشتی (بات) جس

کے بادبان کو سنبھالنے والا درمیانی شہتیر نہ ہو۔

knockdown, n. پٹخنی ؛ گرانے کا عمل ؛ جو نیچے گرا دے ؛ ایسی ساخت والی چیز جس کو جوڑنا اور ادھیڑنا آسان ہو۔ (صفت) غلبہ پانے یا گرانے کے لیے بھرپور طاقت والا ؛ غالب ؛ حاوی ؛ آسانی سے جوڑا اور کھولا جانے والا۔

knock-down-drag-out, a. (عوامی) پیہم تشدُّد کی صورت کا حامل۔

knock down, v.t. ادھیڑ دینا ؛ علیحدہ علیحدہ کر دینا ؛ کم کرنا جیسے قیمت ؛ ظاہر کرنا جیسے ارزاں قیمت پر فروخت کرنا ، نیلامی میں نیلامی کرنے والے کے ہتھوڑے کی آواز سے۔ (عوامی) تنخواہ کے طور پر کمانا۔

knocker, n. دستک دینے والا ؛ دروازے پر دستک کے لیے لگائی گئی کُنڈی۔ (عوامی) مُسلسل تنقید کرنے والا۔

knock-knee, n. بینڈا گھٹنا ؛ ٹانگوں کا اندر کی طرف جھکاؤ جس سے چلنے میں گھٹنے باہم ٹکراتے ہیں ؛ اینڈی بینڈی۔ (جمع) باہم ٹکرانے والے گھٹنے ، زانوئے کَج۔

knock-kneed, a. پنگا ؛ ٹکرانے والے گھٹنوں والا ؛ کج زانو ؛ اینڈا بینڈا۔

knock off, v.t. (بول چال) روکنا ؛ کام سے روکنا ؛ تیزی سے یا عام رفتار سے کوئی چیز بنانا یا کام مکمّل کرنا ؛ منہا یا حذف کرنا ؛ ختم کرنا۔ (عوامی) مار دینا یا قتل کر دینا ؛ لُوٹ لینا۔

knock it off, (عوامی) اِسے فوراً روک دو۔

knock out, v.t. (مکّہ بازی) ناک آوٹ کرنا ؛ شکست دے دینا ؛ ضرب لگا کر اس طرح شکست دینا کہ مقابلہ ختم ہو جائے ؛ بے ہوش یا بیکار کر دینا۔ (عوامی) زیادہ کام کرنا ؛ تھک جانا ؛ جلد بازی سے کُچھ کرنا یا بنانا۔ (اسم ، صفت) بے ہوش یا بے اثر کرنے کا عمل ؛ ایسی ضرب جو کسی کو پچھاڑ دے ؛ ایسا داؤں مارنا کہ آدمی چاروں خانے چت گرے۔ (عوامی) غیر معمولی طور پر جاذب نظر شخص یا شے خصوصاً دلکش عورت۔

knock up, v.t. غلط استعمال کرنا یا نُقصان پہنچانا یا خراب کرنا ؛ چوٹ لگانا یا زخمی کرنا۔ (عوامی) بھرنا ؛ حاملہ کرنا۔ (برطانوی بول چال) جگانا ؛ چونکانا ؛ اُٹھانا ؛ تھکا دینا ؛ تھکانا۔

knoll, n. چھوٹی پہاڑی یا اُبھار ؛ ٹِیلا ؛ نبکہ ؛ پہاڑ کی چوٹی۔

knolly, a. اُبھار والا ؛ چوٹی والا ؛ ٹیلے والا۔

knop, n. مُٹھیا ؛دستہ ،اکثر سجاوٹی قسم کا ؛ غُنچہ ؛ پُھول پتّا۔

knot, n. گرہ ؛ گانٹھ ؛ عُقدہ ؛ کسی لچکیلی چیز جیسے رسّی یا ڈوری کی گتھی ؛ ایک چیز کو دُوسری چیز سے باندھنے کے لیے لگائی گئی گرہ ؛ اس گرہ کے نتیجے میں بننے والی گانٹھ ؛ بو،خصوصاً ربن/فیتے کی،سجاوٹ کے لیے ؛ لوگوں یا چیزوں کا اکٹھ ؛ گُتھی ؛ مُشکِل ؛ پریشان کُن مسئلہ ؛ تعلّق یا رشتہ جیسے شادی سے۔ (حیوانیات ، تشریح الاعضا) گومڑ ؛ گومڑی ؛ اُبھار۔ (نباتیات) پودے کے کسی حصّے میں اُبھار جیسے تنے میں ؛ درختوں کی بیماریاں جن میں اس طرح کا اُبھار واقع ہو جاتا ہے ؛ درخت کے تنے میں وہ جگہ جہاں سے شاخ نکلتی ہے ؛ عمارتی لکڑی میں نظر آنے والا حصّہ۔ (جہاز رانی) جہاز کے رفتار پیما کا وہ حصّہ جس سے جہاز کی رفتار کا تعیّن کیا جاتا ہے ؛ بحری میل یا وقت کے اعتبار سے بحری میل یا ناٹ۔ (فعل متعدی) گرہ لگانا ؛ اُلجھانا ؛ یک جا کرنا۔ (فعل لازم) گرہ لگ جانا ؛ اکٹھا ہو جانا ؛ گرہ یا جوڑ لگنا جیسے پودوں میں ؛ گرہ پڑنا ؛ جُڑنا ؛ مُنسلک ہونا ؛ بندھا جانا ؛ گانٹھ بندھنا ؛ گانٹھ پڑ نا ؛ گھٹیلا ہونا۔

knotless, a. گرہ کے بغیر ؛ گانٹھ کے بغیر ؛ بے گرہ ؛ بن گانٹھ یا جوڑ کا۔

knotlike, a. گرہ کی طرح ؛ گرہ جیسا ؛ گرہ نُما ۔

knotter, n. گرہ لگانے والا۔

knotty, a. گرہ دار ؛ گھٹیلا ؛ گانٹھ والا ؛ اُلجھا ہوا ؛ پیچیدہ ؛ مُشکِل مسئلہ۔

knot, n. ناٹ ؛ سُرخ سینے والا ساحلی پرندہ جس کی افزایش نسل قُطبی علاقوں میں ہوتی ہے اور جاڑا جنوبی امریکا میں گزارتا ہے۔

knothole, n. گرہ سوراخ ؛ لکڑی کے تختے میں سوراخ جو اس کی گانٹھ یا گرہ کے گر جانے یا الگ ہو جانے سے بن جاتا ہے۔

knotted, a. گِرہ دار ؛ گھٹیلا ؛ البیٹ دیا ہُوا ؛ بل دیا ہُوا ؛ گانٹھوں سے پُر یا اُلجھا ہوا ؛ گرہ لگا کر سجایا گیا ؛ پیچیدہ ؛ پریشان کن ؛ گانٹھ دار۔ (نباتیات) گانٹھ یا گُومڑ ؛ ابھار والی کوئی چیز۔

knotty pine, n. گرہ دار عمارتی لکڑی ؛ چیل کی لکڑی کی پُوری لمبائی میں منقسم دائرہ نُما یا بیضوی شکل کے گرہ نما دائرے جو شاخوں کے بُنیادی/اساسی حصّوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور جنھیں ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے،انھیں صرف سجاوٹی تختیاں لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

knotweed, knotgrass, n. ہفت بند ؛ سیّاہ گندم کے خاندان سے کثیر السّاق جنس کا کوئی پودا جس پر گرہیں ہوتی ہیں جو چھوٹی گانٹھوں کے تسلسل کی صورت میں نظر آتی ہیں جیسے عام نیلے سبز رنگ کا خُود رو سبزہ۔

knout, n. کوڑا ؛ تازیانہ ؛ چمڑے کی پتلی پٹیوں سے بنایا گیا دُرّہ ، مجرموں کو سزا دینے کے لیے پہلے رُوس میں استعمال کیا جاتا تھا۔ (فعل متعدی) دُرے سے سزا دینا ؛ کوڑے مارنا۔

know, v.t. جاننا ؛ حقیقت یا سچائی کے طور پر سمجھنا یا ادراک کرنا ؛ یقین کے ساتھ واضح طور پر سمجھنا ؛ یادداشت ، حافظہ یا ذہن میں بٹھا لینا جیسے سبق ذہن نشین کرنا یا کسی نظم کو زبانی یاد کر لینا ؛ واقف ہونا یا آگاہ ہونا جیسے کسی چیز کی وجہ جاننا ؛ آشنا یا واقف ہونا جیسے کسی مضمون ، طریق کار یا کسی نسل ، فرقہ سے ؛ شناسائی ہونا جیسے کسی چیز، جگہ یا شخص سے عموماً مشاہدہ ، تجربہ یا خبر کے ذریعے ؛ پہچان لینا ؛ پہچان لینے یا شناخت کر لینے کے قابل ہونا۔ (قدیم) جنسی ملاپ یا جماع کرنا۔ (فعل لازم) علم ہونا یا واضح اور یقینی طور پر محسوس کرنا جیسے کسی حقیقت یا سچائی کے متعلق ؛ باخبر یا آگاہ ہونا جیسے کسی حقیقت ، حالات یا واقعہ کے متعلّق ؛ معلومات ہونا جیسے کسی چیز کے متعلّق۔

knowable, a. جاننے کے قابل ؛ ممکن الادراک ؛ دریافت کے قابل۔

knower, n. جاننے والا ؛ عالِم۔

in the know, (بول چال) غیر معمولی طور پر باخبر ؛ اندرونی یا خفیہ معلومات کا حامل۔

know-how, n. مہارت ؛ دسترس ؛ خصوصی تجربہ اور کسی دستگاہ

پیچیدہ عمل میں استعمال ہونے والا مفید علم خصوصاً فنی دستگاہ۔

knowing, n. دانش ؛ علم ؛ معرفت ؛ کسی چیز کو معلوم کرنے یا سیکھنے کا طریقہ یا عمل۔ (صفت) زیرک ؛ دانشمند ؛ تیز فہم ؛ ذکی ؛ اندرونی معلومات یا خفیہ علم رکھنے کا مظہر ، جیسے معلوماتی اظہار ؛ آگاہ ؛ باخبر ؛ واقف ؛ ماہر ؛ جاننے والا ؛ خبردار ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ چوکس۔

knowingly, adv. جان بوجھ کر ؛ دیدہ دانستہ ؛ عمداً ؛ بالا رادہ ؛ قصداً ؛ جان کر ؛ جانتے ہوئے۔

knowingness, n. زیرکی ؛ دانش مندی ؛ آگاہی ؛ جان کاری۔

know-it-all, n., a. (بول چال) ایسا شخص جو اعتماد کے ساتھ ہر بات/چیز جاننے کی شیخی بگھارے ؛ ہمہ دان ؛ ہر فن مولا شخص۔

knowledge, n. علم ؛ دانش ؛ آگہی ؛ حقائق یا اُصولوں سے واقفیت جیسے مُطالعہ یا تحقیق سے ؛ واقفیت یا آگہی جیسے کسی مضمون ، زبان یا علم کی کسی شاخ سے ؛ شناسائی کسی چیز ، جگہ ، یا شخص کے ساتھ جیسے دیکھ کر/مشاہدہ کر کے ، تجربہ یا اطلاع کے ذریعے ؛ آگہی کی حالت یا حقیقت ؛ کسی حقیقت کا ادراک ؛ واضح اور یقینی ذہنی اِدراک ؛ باخبر یا آگاہ ہونے کی کیفیت جیسے حقائق یا حالات سے ؛ حقیقت کا ادراک ؛ اِدراک کی وُسعت ؛ کسی ہُنر یا فن کی عملی مہارت ؛ علم اور فہم کا حاصل یا نتیجہ ؛ جو کُچھ معلوم ہو یا معلوم کیا جا سکتا ہو ؛ سُوجھ بُوجھ ؛ وقت کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کا جمع کردہ ذخیرۂ حقائق یا سچائیوں کا مجموعہ ؛ اطلاع ؛ خبر ؛ گیان ۔ (قدیم) جنسی ملاپ/اختلاط ؛ صحبت ؛ ہم بستری۔

knowledgeable, a. ذی علم ؛ باخبر ؛ صاحبِ نظر ؛ صاحبِ علم۔

knowledgeableness, n. واقفیت ؛ آگاہی ؛ علمیّت ؛صاحب نظری ؛ باخبری۔

knowledgeably, adv. علمیت سے ؛ باخبری سے ؛ ذہانت سے ؛ عالمانہ طریقے سے۔

know-nothing, n. جاہلِ مطلق ؛ جاہل آدمی ؛ بے عِلم ؛ لاادری۔ (بڑےK سے) (امریکی تاریخ) ایک سیاسی پارٹی کا رُکن جو ۱۸۵۳ء سے ۱۸۵۶ء تک سرگرم رہی اور جس کا نصب العین یہ تھا کہ اقتدار باہر سے آنے والوں کے ہاتھوں میں نہیں بلکہ مقامی باشندوں کے پاس ہونا چاہیے ؛ اس پارٹی کے ایسے اراکین جن کا یہ کہنا کہ وہ پارٹی کی سرگرمیوں سے لاعلم ہیں۔ (صفت) بہت بے خبر ؛ جاہل ؛ بے علم ؛ لاادری۔ (بڑےK سے) (امریکی تاریخ) مذکورہ پارٹی کے مطابق یا متعلّق یا مشابہ۔

knuckle, n. گٹا ؛ پور ؛ گانٹھ ؛ مفصل ؛ جوڑ ؛ انگلیوں کا جوڑ خصوصاً انگلیوں کی جڑوں کا جوڑ ؛ انگلی کے خمیدہ ہونے کی صورت میں جوڑ کا گول اٹھان ؛ گوشت کا جوڑ جو جسم میں ٹخنے کی ہڈّی کے جوڑ کے اجزا پر مشتمل ہو ؛ قبضے میں گول اُبھرا ہُوا حصہ جس کے اندر محور یا چُول داخل ہوتی ہے ؛ قبضے کا جوڑ۔ (فعلِ متعدی) مارنا ؛ تھپتھپانا یا انگلی کے جوڑ سے چُھونا۔ (فعلِ لازم) گولیاں کھیلتے ہوئے انگلیوں کے جوڑوں کو زمین کے قریب رکھنا۔

knuckle down, شدّت یا سنجیدگی سے کچھ کرنا یا مصروف ہونا۔

knuckle under, ہار ماننا یا تابع ہونا ؛ اطاعت کرنا۔

knuckly, a. جوڑ والا ؛ مفصل دار۔

knuckle ball, knuckler, n. (بیس بال) انگلی کے جوڑوں اور انگوٹھے کے ذریعے گرفت میں لی گئی آہستہ اور بے قاعدہ حرکت کرتی ہوئی گیند۔

knuckle bone, n. انگلی کا جوڑ بنانے والی ہڈّی ؛ جوڑ پر انگلی کی ہڈّی کا گول سِرا ؛ چوپایوں میں ٹانگ کی ہڈّی جو اُوپر کو ابھری ہوئی ہوتی ہے ؛ گوشت کا جوڑ جس میں ایسی ہڈّی ہو ؛ بھیڑ کے ٹخنوں کی ہڈّی ؛ برجمہ ؛ بند انگشت ؛ پور ؛ کعب ؛ پونگا۔

knuckle-duster, n. برنجی پنجہ ؛ مُہلک مُکّے بازی میں استعمال ہونے والے پیتل کے آلے جن پر گومڑے یا ابھار بنے ہوں اور جن کو ہاتھوں کے اُوپر چڑھا لیا جاتا ہے۔

knuckle head, n. (عوامی) بے وقوف آدمی ؛ احمق ؛ لغو۔

knuckle headed, a. بے وقوف ؛ احمق ؛ لغو۔

knuckle joint, n. قبضہ ؛ جوڑ ؛ انگلی کی ہڈّیوں کا جوڑ۔ (مشین) دو متصل حلقوں سے بنایا گیا لچکدار جوڑ۔

knur, n. درخت یا لکڑی کی گانٹھ ؛ گانٹھ دار گُومڑا یا اُبھار ؛ گرہِ درخت۔

knurl, nurl, n. مُٹھیا ؛ گُھنڈی ؛ موٹھ ؛ لٹّو ؛ آگے کی طرف نکلا ہوا ٹُکڑا ؛ اُبھار عموماً چھوٹا اور مُتّصل ، کسی چیز پر بنایا گیا جیسے پیچ یا سِکّے پر۔ (فعل متعدی) اُبھار بنانا۔

knurled, a. گرہ دار۔

knurly, a. گرہ دار ؛ گھٹیلا۔

KO, K.O., k.o., n. (مُکّہ بازی) ناک آؤٹ ؛ پٹخنی ؛ پچھاڑ دینے کی حالت ؛ شکست دینے کی کیفیت۔ (فعل متعدی) شکست دینا ؛ برا دینا جیسے کسی مدّمقابل کو پچھاڑنا۔

koala, n. خِرسک ؛ کوآلہ ؛ آسٹریلیا میں پایا جانے والا تھیلی دار جانور جو درختوں پر رہتا ہے اور جس کا رنگ ہلکا سلیٹی ، کان لمبے اور دُم نہیں ہوتی۔

kobold, n. غول ؛ جن ؛ گھریلو یا مقامی رُوح یا جرمنی کی لوک کہانیوں کی پری۔

Kodak, n. کوڈک ؛ کوڈک کیمرا ؛ دستی کیمرا۔ (تجارتی نشان)۔

Kodiak bear, Kadiac bear, n. بڑے قدوقامت کا بُھورے رنگ کا ریچھ ؛ کوڈائیک جزیرے کا باسی ، ساحلی ایلاسکا اور برطانوی کولمبیا میں پایا جانے والا۔

Kohinoor, n. کوہ نُور ہیرا ؛ ایک ہیرا جو ہندوستان میں دریافت ہوا اور اپنی جسامت کی وجہ سے مشہور ہوا ، اب برطانوی تاج میں جڑا ہوا ہے۔

kohl, n. کحل ؛ کاجل ؛ سُرمہ ؛ ایک قسم کا سیاہ بُرادہ جو مشرق میں آرایش کی خاطر آنکھوں میں لگایا جاتا ہے کہ اس سے پلکیں سیاہ ہو جاتی ہیں اور ان کا حُسن دوبالا ہو جاتا ہے۔

kohlrabi, n. Brassica caulorapa گانٹھ گوبھی ؛ گوبھی کی ایک قسم جو اپنے جڑ سے اُوپر کے خوردبینی بڑے ڈنٹھل کے لیے معروف ہے۔

koine, n. (لسانیات) کوئنے ؛ ایسی علاقائی زبان یا بولی جو پھیل کر کسی وسیع تر علاقہ کی معیاری زبان بن جائے۔ (بڑے K سے) وہ زبان جو اصل میں یونانیوں بولیوں سے مل جل کر بنی تھی یہ رُومی اور ہیلینیائی ادوار میں مشرق وُسطیٰ میں مرّوج تھی۔

kokanee, n. (کینیڈا) کوکنی ؛ بطور خوراک استعمال ہونے والی چھوٹی سالمن مچھلی۔

kok-sayghyz, n. اشیائی ککروندا ؛ گل قاصدی (Taraxacum kok-saghyz)،اس پودے سے دُودھیا رس نکلتا ہے جس سے ایک طرح کی تجارتی ربڑ تیّار کی جاتی ہے ۔

kola, n. کولا ؛ کولا پھل ؛ کولا سختہ ؛ درخت جس پر یہ سختہ لگتا ہے ؛ کولا سختہ سے بنایا گیا ست ؛ کولا مشروب ۔

kola nut, کولا نٹ ؛ کڑوا بُھورا سختہ ؛ ایک افریقی درخت کا بیج ، جو اکثر غربُ الہند اور برازیل میں کاشت کیا جاتا ہے اور بطورِ مُقوّی دوا استعمال ہوتا ہے ۔

kola tree, n. کولا درخت ۔ دیکھیے : Cola ۔

kolinsky, kolinski, n. ظربان ؛ نیولے کی قسم کا ایک جانور ؛ (شمالی روس میں) نیولے کی قسم کے ایشیائی جانور خصوصاً Mustela siberica ؛ اس جانور کی سمور کالنسکی ۔

kolkhoz, n. (روس) مُشترکہ کھیت؛ اجتماعی مزروعہ زمین یا فارم ۔

koodoo, kudu, n. کوڈو: افریقی بارہ سنگھا؛ افریقہ کا دھاری دار بڑا ہرن جس کے سینگ لمبے اور بل دار ہوتے ہیں ۔

kook, n. (عوامی) عجیب شخص ؛ نِرالا ؛ خبطی؛ پاگل شخص ۔

kooky, a. خبطی؛ بونّق ۔

kookaburra, n. کوکا بورا؛ ایک قسم کی رام چڑیا ؛ آسٹریلیا کا ایک پرندہ جو رام چڑی کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہے اور تیز آواز میں جو قہقہہ کا رنگ لیے ہوتی ہے ، بولتا ہے ۔

Koran, n. قرآن مجید ؛ اللہ کا کلام جو بصُورتِ وحی حضرت محمّد صَلّی اللہ علیہِ وَسلّم پر نازل ہُوا ۔

Koranic, a. قرآنی ۔

Korean, a., n. کورین ؛ کوریائی ؛ کوریا کا یا کوریا سے متعلّق ؛ چین کے مشرقی ساحل پر واقع جزیرہ نما کوریا کا باشندہ ۔

kosher, kasher, a. کوشر؛ حلال شُدہ؛ صحیح ، جائز ؛ یہُودیوں کے مذہبی قوانین کے مطابق حلال اور پاک صاف خصوصاً خوراک ؛ خوراک کے ڈبّے اور باورچی خانے میں استعمال ہونے والے برتن جنھیں مذہبی رسُومات کے مطابق استعمال کے لیے موزوں بنایا جائے ؛ یہودیوں کے مذہبی قوانین کے مطابق ۔ (عوامی) موزوں ؛ مستند ۔ (فعل متعدی) پاک صاف کرنا ؛ حلال کرنا ۔

koto, n. (جاپانی) کوٹو ؛ آلۂ موسیقی جس کے تیرہ تار آواز پیدا کرنے والے حصّہ تک لگے ہوتے ہیں اور دونوں ہاتھوں سے بجایا جاتا ہے ۔

koumis, ایک قسم کی شراب ۔ دیکھیے Kumiss ۔

kow tow, v.i. (چینی) کوٹو ؛ جُھکنا ، خمیدہ ہونا اور انتہائی عزت و احترام کے لیے ماتھا ٹیکنا ؛ جبین سائی کرنا ؛ ذلّت اختیار کرنا ؛ غلامانہ انداز اختیار کرنا ؛ کورنش بجا لانا ؛ ڈنڈوت کرنا ۔ (اسم) کورنش ؛ ڈنڈوت ؛ زمین بوسی ؛ جبین سائی ۔

kraal, n. باڑا ؛ افریقی دیہات جس کے گرد لکڑیاں گاڑ کر حصّار کھینچ دیا گیا ہو ؛ ایسے دیہات کے باشندے ؛ مویشیوں کا باڑا ؛ اکرال ۔ (فعل متعدی) باڑے یا حصار میں بند کرنا ۔

kraft, n. کرافٹ کاغذ ؛ خاکی کاغذ ؛ مضبوط بھورے رنگ کا لپیٹنے کے لیے استعمال ہونے والا کاغذ جو لکڑی کے گودے سے بنایا جاتا ہے اور کاغذ کے لفافے یا تھیلے بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

krait, n. کرایت ؛ ایشیا میں پائے جانے والے بینگروس (Bungarus) جنس کے زہریلے سانپوں کی ایک قسم ۔

kraken, n. کراکن ؛اسکینڈے نیویا کی ایک داستانی سمندری بَلا ؛ ایک خیالی عفریت جو ناروے کے ساحل پر ظاہر ہوتا تھا ۔

krater, crater, n. پیالہ یا کُھلے مُنھ کا برتن جسے قدیم یونانی پانی اور شراب ملانے کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

Kration, n. (عسکری) کے راشن ؛ جنگ عظیم دوم میں ہنگامی استعمال کے لیے تیّار کردہ خوراک کا بند ڈبہ ۔

kraut, n. کراؤٹ ؛ کٹی ہوئی نمک لگی اپنے ہی پانی میں اُبلی ہوئی گوبھی ۔ (اکثر بڑے K سے) (عوامی) جرمن باشندے خصوصاً جرمن فوجی کے لیے استعمال ہونے والی تحقیر آمیز اصطلاح ۔

Kremlin, n. (روسی) کریملن ؛ سوویت (رُوسی) حکومت ؛ ماسکو کاوہ فصیل یا کوٹ جس کے اندر سوویت رُوس کی حکومت کا صدر دفتر ہے ؛ رُوسی شہر یا قصبے کا حصار یا قلعہ ؛ قصر (ماسکو) ؛ رُوسی قلعہ ۔

Kremlinology, n. سوویت شناسی ؛ رُوس شناسی ، سوویت یونین کی حکومتی پالیسیوں اور تدابیر کا مطالعہ ۔

Kremlinologist, n. سوویت شناس ؛ وہ شخص جو سویت یونین کی حکومتی پالیسیوں اور تدابیر کا ماہر ہو ۔

kriegspill, n. (جنگی کھیل) جنگی ماڈل ؛ عسکری عُلوم کی تدریس کی غرض سے تیّار کیا گیا کھیل جس میں چھوٹے چھوٹے بلاکوں کے ذریعے فوجی توپوں اور دُوسرے فوجی سامان کو ظاہر کیا جاتا ہے اور ان بلاکوں کو نقشوں یا ماڈل کے جنگی میدانوں میں حرکت دی جاتی ہے ۔

krill, n. کِرل ؛ کُھلے سمندروں میں رہنے والا ایک خول دار/قشری جانور جیسے کیکڑا جو وھیل مچھلی کی بُنیادی غذا بنتا ہے ۔

krimmer, crimmer, n. کریمیا کے علاقے کی سمور کے طور پر استعمال ہونے والی بھیڑ کی کھال جس کی ڈھیلی ڈھالی گُھنگریالی اُون عموماً سفید یا زردی مائل خاکستری ہوتی ہے ۔

kris, n. دیکھیے : Creese ۔

Krishnaism, n. کرشن مت؛ ہندوؤں کی عبادت کا عام طریقہ جس کی بُنیاد بھگوت گیتا کی تعلیمات پر ہے ؛ کرشن بھگتی ؛ کرشن پرستی ۔

Kriss Kringle, n. سانتا کلاز؛ سینٹ نکولس،ایک فرضی شخص جس کے متعلق بچّوں کو باور کرایا جاتا ہے کہ وہی رات کے وقت ان کے لیے کرسمس کے تُحفے ڈال جاتا ہے ۔

Krypton, n. (کیمیا) کرپٹن؛ کرپٹون (عنصر)؛ ایک کمیاب غیر عامل گیسی عنصر جو زیادہ طاقتور بجلی کے بلبوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

kuchen, n. خمیری آٹے سے تیّار ہونے والے میٹھے کافی کیک کی کئی اقسام میں سے ایک قسم جو عموماً پھلوں سے بنائی جاتی ہے ۔

kudos, n. شُہرت؛ شان؛ شُہرہ ؛ ناموری ؛ تعریف ؛ شناخت ؛ نیک نامی ؛ مقبولیت ؛ نام ۔

kudzu, kudzuvine, n. (نباتیات) پھلی دار بیل کا زمین پر پڑا حصہ جو (Pueraria thunberginana) چین اور جاپان میں ریشے کے لیے ، زمین کی کاٹ/کٹاؤ پر قابو پانے کے لیے اور مویشیوں کے چارے کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔